E-mail dailyshamal1991@gmail.com
dailyshamal.com.pk

A.B.C CERTIFIED
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
صوبہ کا سب سے زیادہ فروخت ہونیوالا اخبار

The Daily SHAMAL ABBOTTABAD

روزنامہ
شمال
ایبٹ آباد

بیاد
نیاز پاشا جدون

فون نمبر
0992-385577

جلد نمبر 37 | ہفتہ 21 ذیقعدۃ 1447ھ 09 مئی 2026ء 2083ب | صفحات 4 | قیمت 20 روپے | شمارہ نمبر 69

سلطان پور خاتون کو آگ لگا کر قتل کر دیا گیا بھائی کی درخواست پر مقدمہ درج

حویلیاں (نمائندہ شمال) حویلیاں سلطان پور تھانہ بی۔او ایف کی حدود میں خاتون کو آگ لگا کر قتل کر دیا گیا رات دیر گئے قتل کا پرچہ درج کیا گیا نامعلوم افراد کے خلاف سلطان پور کی خاتون (ر) کی (بقیہ صفحہ 3 نمبر 1)

علمائے کرام کی ٹارگٹ کلنگ ہزارہ بھر میں احتجاجی مظاہرے

جمعیت علمائے اسلام اور مختلف دینی جماعتوں کے زیر اہتمام ریلیوں کے شرکاء نے شیخ الحدیث مولانا مفتی ادریس سمیت دیگر علمائے کرام کے قاتلوں کی فوری گرفتاری اور سخت سزا کا مطالبہ کیا

مانسہرہ (شیخ نزیر سے + محمد نعیم سے) جمعیت علمائے اسلام (ف) اور مختلف دینی جماعتوں کے زیر اہتمام علمائے (بقیہ صفحہ 3 نمبر 6)

اوگی (نامہ نگار) شیخ الحدیث حضرت مولانا محمد ادریس کے قتل کے خلاف اوگی میں احتجاجی مظاہرہ، قاتلوں کی (بقیہ صفحہ 3 نمبر 5)

ڈھوڈیال (کرائمز رپورٹر ڈھوڈیال) معروف عالم دین شیخ مولانا محمد ادریس شہید کے بہیمانہ قتل کے خلاف (بقیہ صفحہ 3 نمبر 4)

حویلیاں (نمائندہ شمال) مولانا شیخ محمد ادریس شہید کی شہادت پر حویلیاں میں احتجاجی مظاہرہ قائد جمعیت حضرت (بقیہ صفحہ 3 نمبر 3)

مانسہرہ (ربنواز خان) شیخ الحدیث مولانا ادریس و دیگر علما کرام کے قاتلوں کو فی الفور گرفتار کر کے قرار واقعی سزا دی (بقیہ صفحہ 3 نمبر 2)

مانسہرہ جے یو آئی ف کے زیر اہتمام شیخ الحدیث مولانا مفتی محمد ادریس کے قتل کیخلاف احتجاجی ریلی سے مفتی وقار الحق عثمان و دیگر خطاب کر رہے ہیں

کوہستان لوئر میں جعلی بھرتیوں کا میگا سکینڈل، انکوائری رپورٹ جاری

محکمہ صحت میں مبینہ غیر قانونی بھرتیوں کا ایک بڑا معاملہ منظر عام پر آ گیا ہے

پھلڑہ (نمائندہ شمال) کوہستان لوئر میں جعلی بھرتیوں کا میگا سکینڈل (بقیہ صفحہ 3 نمبر 7)

تازہ ترین خبروں اور SHAMAL E Paper کیلئے وزٹ کیجئے
dailyshamal.com.pk

پاک فوج کا ایک اور جوان مادر وطن پر قربان ہو گیا

کھوئی ناڑہ محلہ پنڈ سیڑاں کے رہائشی مدثر جان زیب ولد جان زیب فرض کی ادائیگی کے دوران شہادت کے عظیم مرتبے پر فائز ہو گئے

ہری پور (ڈسٹرکٹ رپورٹر) پاک فوج کا ایک اور جوان مادر وطن پر قربان۔ ہری پور کی تحصیل خانپور کے گاں کھوئی ناڑا سے تعلق رکھنے والے مدثر نامی نوجوان نے دفاع وطن میں اپنی جان قربان کر دی۔ کھوئی ناڑہ محلہ پنڈ سیڑاں کے رہائشی مدثر جان (بقیہ صفحہ 3 نمبر 8)

کیا ڈیم میں میٹرک کا طالبعلم ڈوب کر جاں بحق

پونے گھنٹے میں مقامی لوگوں نے بہت کوشش کی لیکن اس کے بعد ہنگامی اطلاع پر وی سی چیئرمین بانڈی عطائی خان شیر بہادر خان موقع پر آئے اور بچے کی نعش کو مشکل سے نکالا گیا

حویلیاں (نمائندہ شمال) تھانہ رجوعیہ کی حدود کیالہ ڈیم میں میٹرک کا نوجوان بچہ عبداللہ ڈوب کر جاں بحق ہو گیا عبداللہ گہرے پانی میں ڈوب گیا جس پر مقامی افراد نے بچے کی نعش کو اپنی مدد آپ کے تحت (بقیہ صفحہ 3 نمبر 9)

عبداللہ اور طاؤس کے ساتھ چھوٹا بھائی کیالہ ڈیم میں نہا رہے تھے کہ اچانک ریسکیو کیا تفصیلات کے مطابق گزشتہ روز کیالہ ڈیم میں ہرنازہ گاں کا نوجوان بچہ ڈوب کر جاں بحق ہو گیا جور یٹائر ماسٹر غلام نبی کا پوتا ماسٹر وحید کا بیٹا ہے

ڈی پی او ہری پور شفیع اللہ گنڈاپور نے پولیس لائن ہری پور کا دورہ

ہری پور (نیوز رپورٹر) ڈی پی او ہری پور شفیع اللہ گنڈاپور نے پولیس (بقیہ صفحہ 3 نمبر 12)

چیئرمین سٹوڈنٹ امپاورمنٹ الائنس کا ڈی ایچ کیو ایبٹ آباد کا دورہ

شہباز چوہدری نے بکوٹ کے متاثرہ طالب علم کی عیادت، اہل خانہ سے ہمدردی کا اظہار

ایبٹ آباد (ارمغان عباسی) چیئرمین سٹوڈنٹ امپاورمنٹ الائنس شہباز چوہدری نے بکوٹ، ایبٹ آباد میں مبینہ طور پر تشدد اور زیادتی کا نشانہ بننے والے طالبعلم (بقیہ صفحہ 3 نمبر 11)

کھلا ایبٹ گھر یلو تنازعہ سوتیلا بھائی چھریوں کے وار سے زخمی

واقعہ کے بعد علاقے میں خوف و ہراس پھیل گیا، زخمی کو فوری طور پر ابتدائی طبی امداد کے بعد ٹراما سنٹر منتقل کر دیا گیا، رپورٹ درج

ہریپور (ڈسٹرکٹ رپورٹر) تھانہ کھلا بٹ کی حدود ڈوبیاں آبی میں گھریلو تنازعہ شدت اختیار کر گیا، جہاں سوتیلے بہن بھائیوں کے درمیان ہونے والے جھگڑے کے (بقیہ صفحہ 3 نمبر 13)

کھلا بٹ (کرائم رپورٹر) تھانہ کھلا بٹ کی حدود ڈوبیاں آبی میں (بقیہ صفحہ 3 نمبر 14)

مانسہرہ ڈی ایچ او ڈاکٹر فیصل خانزادہ اور کنگ عبداللہ ہسپتال کے ایم ایس جواد مجید سواتی وزیر اعلی خیبر پختونخوا سہیل آفریدی کو صحت سہولت مسائل کے حوالے سے بریفنگ دیتے ہوئے

موٹر سائیکل اور کیری ڈبہ میں تصادم نوجوان جاں بحق ڈرائیور فرار

واقعے کے بعد علاقے میں فضا سوگوار ہو گئی جبکہ اہل خانہ پر غم کے بادل چھا گئے، پولیس کی جانب سے واقعے کی تحقیقات شروع کر دی ہے

مانسہرہ (شیخ نزیر سے) مانسہرہ کے علاقے جابہ میں موٹر سائیکل اور کیری ڈبہ کے درمیان خوفناک تصادم کے نتیجے میں کاشف نامی نوجوان جاں بحق ہو گیا ذرائع کے مطابق موٹر سائیکل اور کیری ڈبہ کے درمیان ہونے والا نوجوان جابہ ارب کھن کا رہائشی تھا ذرائع کے مطابق حادثے کے بعد کیری ڈبہ کا ڈرائیور موقع سے فرار ہو گیا جبکہ مقامی افراد نے فوری طور پر امدادی کارروائیاں شروع کر دیں۔ تاہم کاشف زخموں کی (بقیہ صفحہ 3 نمبر 19)

جلسہ عام میں حلقے کے بنیادی مسائل پر عمران سلیم سواتی نے خطاب کیا

وزیر اعلی سے اپیل کی کہ نوجوانوں کو روزگار کی فراہمی کے لیے عملی اقدامات کیے جائیں

مانسہرہ (تحصیل جنرل رپورٹر + ڈسٹرکٹ نامہ نگار) وزیر اعلی سہیل آفریدی کے دورہ مانسہرہ کے موقع پر منعقدہ جلسہ عام سے خطاب کرتے ہوئے پاکستان تحریک انصاف کے سینئر رہنما و سابق امیدوار قومی اسمبلی این اے چودہ سلیم عمران سواتی نے اپنے (بقیہ صفحہ 3 نمبر 18)

عیدالاضحیٰ 27 مئی بروز بدھ کو منائے جانے کا قوی امکان

ہری پور (سٹی رپورٹر) ماہرین فلکیات نے پیش گوئی کی ہے کہ پاکستان میں عیدالاضحیٰ 27 مئی بروز بدھ کو منائے (بقیہ صفحہ 3 نمبر 17)

ہری پور میں آٹے کی قیمتوں میں نمایاں اضافہ ریکارڈ کیا گیا

پنجاب سے آٹے اور گندم کی ترسیل میں رکاوٹوں کے باعث آٹا مہنگا ہو چکا ہے

ہری پور (بیورو رپورٹ) پنجاب سے آٹے اور گندم کی ترسیل میں رکاوٹوں کے باعث خیبر پختونخوا سمیت ضلع ہری پور میں بھی آٹے کی قیمتوں میں نمایاں (بقیہ صفحہ 3 نمبر 10)

وفاقی وزیر برائے سائنس وٹیکنالوجی پی ای سی ہیڈ کوارٹرز کا دورہ

خالد حسین مگسی نے انجینئر وسیم نذیر کی والدہ کے انتقال پر تعزیت کا اظہار کیا

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وفاقی وزیر برائے سائنس وٹیکنالوجی، خالد حسین مگسی نے پاکستان انجینئرنگ کونسل (پی ای سی) ہیڈ کوارٹرز کا دورہ کیا اور پاکستان انجینئرنگ کونسل کے چیئرمین انجینئر وسیم نذیر کی والدہ کے انتقال پر تعزیت کا اظہار کیا۔ پاکستان (بقیہ صفحہ 3 نمبر 15)

قتل یا خودکشی؟ توتی بن سترہ سالہ لڑکی کی پھندہ لگی نعش برآمد

پولیس نے نعش تحویل میں لیکر پوسٹمارٹم کیلئے ہسپتال منتقل کر دی بعدازاں نعش لواحقین کے حوالے کر دی

ایبٹ آباد (وقاص باکسر سے) تھانہ سٹی کی حدود توتی میں قتل یا خودکشی پھندا لگی سترہ سالہ لڑکی کی نعش برآمد پولیس نے نعش تحویل میں لیکر پوسٹمارٹم کیلئے ہسپتال منتقل کر دی بعدازاں نعش لواحقین کے حوالے کر دی اس ضمن میں مینہ زرائع نے شمال کو بتایا کہ گزشتہ روز تھانہ سٹی کی حدود توتی میں مسماۃ (ر) نے دختر گل فیاض نے نامعلوم وجوہات کی بناء پر گلے میں پھندا ڈال کر زندگی کا چراغ (بقیہ صفحہ 3 نمبر 16)

مانسہرہ پاکستان تحریک انصاف کے سینئر رہنما و سابق امیدوار قومی اسمبلی سلیم عمران سواتی وزیر اعلی کی آمد کے موقع پر جلسہ عام سے خطاب کر رہے ہیں



مدثر نامی نوجوان نے دفاع وطن میں اپنی جان قربان کر دی

سوتیلے بہن بھائیوں کے درمیان ہونے والے جھگڑے کے دوران زخمی ہونیوالا رضوان

تھانہ ٹی آئی کی حدود نقاش پوش ڈکیت کے خلاف کاروائی کا مطالبہ

یہ گروہ اپنی منفی وارداتوں کے زریعے متعدد شہریوں کو گن پوائنٹ پر لوٹ چکا ہے

ہریپور (اسٹیشل رپورٹر) تھانہ ٹی آئی کی حدود نقاش پوش ڈکیت کے خلاف کاروائی کا مطالبہ، یہ گروہ اپنی منفی وارداتوں کے زریعے متعدد شہریوں کو گن پوائنٹ پر لوٹ چکا ہے ایس ایچ او سے فوری اور خطرناک گروہ گرفتاری کا مطالبہ، تھانہ ٹی آئی کی حدود چند قبل بھی اسلحہ بردار ڈکیت گروہ ملزمان نے سابقہ باجوڑ حال صدیق آباد تلوکر ٹاؤن ہری پور کے رہائشی محمد فیاض ولد بخت منیر سے 30 ہزار روپے چھینے اور فرار ہو گے گزشتہ رات بھی (بقیہ صفحہ 3 نمبر 23)

تعلیم گاہیں کردار، تہذیب اور شعور بنانے کے لئے ہوتی ہیں

اختلاف دشمنی نہیں ہوتا اور آواز اٹھانا انتشار نہیں، بلکہ شعور کی علامت ہے، تیمور خالد

حویلیاں (نمائندہ شمال) تعلیم گاہیں صرف ڈگریاں دینے کے لیے نہیں ہوتیں، بلکہ کردار، تہذیب اور شعور بنانے کے لیے ہوتی ہیں اگر میوزیکل کلچر شو ہماری روایات، اقدار اور طلبہ کی مثبت صلاحیتوں کو اجاگر کرے تو یہ خوش آئند ہے، لیکن اگر کوئی چیز ہماری اخلاقیات، تعلیمی ماحول یا معاشرتی حدود سے ٹکراتی محسوس ہو تو اس پر سوال اٹھانا بھی ہر باشعور نوجوان، شہری کا حق ہے، تیمور خالد۔ اختلاف دشمنی نہیں ہوتا اور آواز اٹھانا انتشار نہیں (بقیہ صفحہ 3 نمبر 22)

مسافروں سے زائد کرایہ وصولی کی روز نامہ شمال کی خبر پر ایکشن

ٹریفک انچارج تحصیل خانپور نعیم اختر نے فوری ایکشن لیتے ہوئے بھاری جرمانہ عائد کر دیئے

ہری پور (کرائم رپورٹر) مسافروں سے زائد کرایہ وصولی کی روز نامہ شمال کی خبر پر ڈی پی او ہری پور کا ایکشن، خان پور روڈ پر زائد کرایہ وصول کرنے والے سوزوکی ڈرائیور کو ڈی پی او کی ہدایات پر ٹریفک انچارج تحصیل خانپور نعیم اختر نے فوری ایکشن لیتے ہوئے بھاری جرمانہ عائد کرتے ہوئے حسب ضابطہ کارروائی عمل میں لائی۔ اس موقع پر زائد کرایہ وصولی کے مرتکب سوزوکی ڈرائیور کو نہ صرف قانون کے مطابق چالان کیا گیا بلکہ اسے (بقیہ صفحہ 3 نمبر 21)

پاکستان جیسا مقروض وغریب ملک شاہی جیسا بوجھ نہیں اٹھا سکتا

تعلیم یافتہ بیروزگار نوجوان ہاتھوں میں ڈگریاں اٹھائے دربدر کی ٹھوکریں کھا رہے ہیں

بجنہ (نامہ نگار) پاکستان جیسا مقروض اور غریب ملک، اب سول سروس، جیسا شاہی بوجھ نہیں اٹھا سکتا۔ یہ بات سینیٹر رہنما مسلم لیگ ن ایڈووکیٹ صلاح الدین خان نے گزشتہ روز نوجوانوں کے ایک وفد سے ملاقات کے بعد شمال کو بتائی۔ انہوں نے کہا کہ ایک طرف ملک میں تعلیم یافتہ بیروزگار نوجوان ہاتھوں میں ڈگریاں اٹھائے دربدر کی ٹھوکریں کھا رہے ہیں تو دوسری طرف انگریزوں کے مہینہ بنائے گئے، سول سروس، جیسے شاہی (بقیہ صفحہ 3 نمبر 20)

ڈھوڈیال، جمعیت علمائے اسلام ڈھوڈیال مولانا محمد ادریس کے بہیمانہ قتل کے خلاف احتجاج کرتے ہوئے

بھاری بلوں اور پٹرولیم مصنوعات کی بڑھتی قیمتوں نے عوام کا جینا محال کر دیا

روزمرہ استعمال کی اشیا کی قیمتوں میں مسلسل اضافے نے غریب اور متوسط طبقے کو شدید مشکلات سے دوچار کر دیا، ریلیف فراہمی کا مطالبہ

ہری پور (چیف رپورٹر) شدید مہنگائی، بجلی و گیس کے بھاری بلوں اور پٹرولیم مصنوعات کی بڑھتی قیمتوں نے عوام کا جینا محال کر دیا۔ ضلع ہری پور میں شہری نان شبینہ کے حصول کے لیے پریشان دکھائی دیتے ہیں جبکہ روزمرہ استعمال کی اشیا کی قیمتوں میں مسلسل اضافے نے غریب اور متوسط طبقے کو شدید مشکلات سے دوچار کر دیا ہے۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ بجلی اور گیس کے ہوشربا بلوں نے (بقیہ صفحہ 3 نمبر 35)

وائس چانسلر کا فیکلٹی ممبران کے ساتھ اہم اجلاس کا انعقاد

ہری پور (سوشل رپورٹر) دی یونیورسٹی آف ہریپور کے پرو وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر عابد فرید نے شعبہ زراعت کے فیکلٹی ممبران کے ساتھ ایک اہم اجلاس منعقد کیا۔ اجلاس کے دوران شعبہ سے متعلق مختلف تعلیمی اور انتظامی امور پر تفصیلی تبادلہ (بقیہ صفحہ 3 نمبر 37)

تحریک انصاف ناقص پالیسیوں کی نشاندہی کر رہی ہے، عمر ایوب

مسلم لیگ ن حکومت روپے کی قدر کو مصنوعی طور پر مستحکم رکھنے کا حربہ استعمال کر رہی ہے

ہری پور (ڈسٹرکٹ رپورٹر) سابق اپوزیشن لیڈر قومی اسمبلی عمر ایوب خان نے کہا کہ ہم پاکستان کے عوام کو مسلسل آگاہ کرتے رہے ہیں کہ پاکستان مسلم لیگ نون حکومت روپے کی قدر کو مصنوعی طور پر مستحکم رکھنے کے لیے اوپن مارکیٹ سے ڈالر خرید رہی ہے۔ عمر ایوب نے کہا کہ یہی حربہ اسحاق ڈار نے 2013 سے 2017 کے دوران بطور وزیر خزانہ استعمال کیا تھا اور روپے کو 100 روپے فی ڈالر پر برقرار رکھنے کے لیے 22 ارب ڈالر جلا دیے گئے تھے۔ بعد ازاں 2018 میں خود پاکستان مسلم لیگ نون نے عوام کے 22 ارب (بقیہ صفحہ 3 نمبر 36)

غیر قانونی ریت کے ڈمپنگ پوائنٹس کے خلاف بھرپور آپریشن

خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف بلا امتیاز کارروائیاں آئندہ بھی جاری رہیں گی، جنید آفتاب

ہری پور (نمائندہ خصوصی) اسسٹنٹ کمشنر غازی جنید آفتاب کی نگرانی میں سب ڈویژن غازی کی ریونیو حدود میں غیر قانونی ریت کے ڈمپنگ پوائنٹس کے خلاف بھرپور آپریشن کیا گیا۔ آپریشن کے دوران تحصیل میونسپل آفیسر غازی، مقامی پولیس اور ٹی ایم اے عملہ موقع پر موجود رہا۔ اس سے قبل متعلقہ افراد کو متعدد بار تنبیہ اور قانونی دستاویزات فراہم کرنے کے احکامات جاری کیے گئے تھے، تاہم آپریشن کے دوران کسی بھی ڈمپنگ پوائنٹ (بقیہ صفحہ 3 نمبر 39)

سوشل پر میڈیا پر اسلحہ، ہوائی فائرنگ کا مرتکب ملزم گرفتار

کھلا بٹ (کرائم رپورٹر) تھانہ کھلا بٹ پولیس نے سوشل میڈیا پر اسلحہ کی نمائش اور ہوائی فائرنگ کرنے والے ملزم کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے ملزم ولید ولد نوید سکنہ محلہ داڑھی سیکٹر نمبر 3 کو (بقیہ صفحہ 3 نمبر 38)

LTV ڈرائیونگ لائسنس اسکینڈل، دو سرکاری محکموں کے متضاد موقف

پھلڑہ (نمائندہ شمال) LTV ڈرائیونگ لائسنس اسکینڈل، دو سرکاری محکموں کے متضاد موقف، شہری پھٹ پڑا، شہری نے بالآخر اس مسلسل تاخیر، دفتری چکر اور غیر یقینی صورتحال سے تنگ آ کر اسسٹنٹ ڈائریکٹر اینٹی کرپشن اسٹیبلشمنٹ مانسہرہ کو باضابطہ طور (بقیہ صفحہ 3 نمبر 41)

مانسہرہ، سرن ویلی میں ریچھ کے حملے میں شہری زخمی ہو گیا

زخمی ہونے والے شخص کی شناخت ریاض کے نام سے ہوئی ہے، ہسپتال منتقل

مانسہرہ (ڈسٹرکٹ نانہ نگار + تحصیل جنرل رپورٹر) سرن ویلی میں ریچھ کے حملے میں شہری زخمی، ایوب میڈیکل کمپلیکس منتقل مانسہرہ کے علاقے منڈہ گچھ سرن ویلی میں ریچھ کے حملے سے ایک شہری زخمی ہو گیا ذرائع کے مطابق زخمی ہونے والے شخص کی شناخت ریاض کے نام سے ہوئی ہے، جسے گھر کے قریب ریچھ نے حملہ کر کے زخمی کر دیا۔ ریاض کو ابتدائی طبی امداد کے بعد مزید علاج کے لیے ایوب میڈیکل کمپلیکس منتقل کر دیا گیا۔ جہاں اس کی ٹریٹمنٹ جاری ہے۔ واقعہ کے بعد محکمہ وائلڈ لائف کے اہلکار بھی موقع پر پہنچ گئے اور (بقیہ صفحہ 3 نمبر 40)

مانسہرہ آپریشن بیان المرصوص کا سال پورا ہونے پر پاکستان مرکزی مسلم لیگ کے زیر اہتمام منعقدہ آل پارٹیز کانفرنس شرکاء کا گروپ فوٹو

میر صادق میر جعفر کرداروں کو کامیاب نہیں ہونے دیں گے

ایسے کرداروں کو بے نقاب کرنے پر شہزاد رشید خان تنولی کو خراج تحسین

پھلڑہ (نمائندہ شمال) تنولی قوم ضلع تناول کے حوالہ سے میر صادق اور میر جعفر کا کردار ادا کرنے والوں ان کے مزموم مقاصد میں کسی صورت کامیاب نہیں ہونے دے گی سلطان اعظم خان گلگت جگلوٹ نے کہا ہے کہ مانسہرہ میں وزیر اعلی کے میں ضلع تنول کے خلاف سازش ناکام کرنے میں شہزاد رشید تنولی صدر آل پاکستان تنولی اتحاد کے پی کے نے اہم کردار ادا کر کے نہ صرف زبردست کارنامہ دیا بلکہ ضلع تنول کے خلاف میر جعفر کا کردار ادا کرنے والوں کو بھی بے نقاب کیا شہزاد رشید خان تنولی اس کارنامے پر پوری قوم سلام پیش کرتی ہے زرائع کے مطابق ضلع تنول کے قیام کے خلاف وزیر اعلی کے دورہ کے (بقیہ صفحہ 3 نمبر 24)

آن لائن پاسپورٹ اپلائی کرنے کی سہولت متعارف کرانے کا فیصلہ

فیصلے کے مطابق شہری اب جلد ہی گھر بیٹھے آن لائن پاسپورٹ اپلائی کر سکیں گے

ہری پور (سٹی رپورٹر) حکومت نے شہریوں کے لیے پاسپورٹ کے حصول کے عمل کو مزید آسان بنانے کی سمت بڑا قدم اٹھاتے ہوئے گھر بیٹھے آن لائن پاسپورٹ اپلائی کرنے کی سہولت متعارف کرانے کا فیصلہ کر لیا ہے۔ فیصلے کے مطابق شہری اب جلد ہی گھر بیٹھے آن لائن پاسپورٹ اپلائی کر سکیں گے، جس سے دفاتر کے چکر، قطاروں اور وقت کے ضیاع میں نمایاں کمی آئے گی۔ حکام کے مطابق اس اقدام کا مقصد عوام کو تیز، شفاف اور آسان سہولیات فراہم کرنا ہے۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ نئے نظام کے تحت درخواست دہندگان اپنی دستاویزات آن لائن جمع کرا سکیں گے، جبکہ تصدیق اور پروسیسنگ کا عمل بھی ڈیجیٹل (بقیہ صفحہ 3 نمبر 25)

مانسہرہ سپیکر صوبائی اسمبلی بابر سلیم سواتی، ایم پی اے اکرام غازی اور صوبائی نائب صدر پاکستان تحریک انصاف کمال سلیم سواتی وزیر اعلی سہیل آفریدی کو مانسہرہ جلسہ میں سپاسنامہ پیش کر رہے ہیں

اللہ تعالی نے انسان کی رہنمائی کے لیے تقوی کو بنیادی اصول قرار دیا ہے

یہی وہ صفت ہے جو انسان کو دنیا و آخرت میں کامیابی سے ہمکنار کرتی ہے، ابوبکر صدیق حنیف

بالاکوٹ (نیوز رپورٹر) مرکزی جمعیت اہلحدیث کے ناظم اعلی مرکزیہ شمالی پنجاب حضرت مولانا ابوبکر صدیق حنیف نے کہا ہے کہ اللہ تعالی نے انسان کی رہنمائی کے لیے تقوی کو بنیادی اصول قرار دیا ہے، اور یہی وہ صفت ہے جو انسان کو دنیا و آخرت میں کامیابی سے ہمکنار کرتی ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے بالاکوٹ میں جامع مسجد شہدائے اہلحدیث (بقیہ صفحہ 3 نمبر 26)

شہزادہ گشتاسب خان کا کنگ عبداللہ ہسپتال کا دورہ

مانسہرہ (تحصیل جنرل رپورٹر + ڈسٹرکٹ نامہ نگار) رکن قومی اسمبلی شہزادہ گشتاسب خان نے کنگ عبداللہ ہسپتال کا دورہ کیا جہاں انہوں نے زیر علاج بزرگ صحافی اختر نعیم کی عیادت کی اور ان کی جلد صحت یابی کے لیے دعا کی۔ اس موقع پر رکن قومی اسمبلی نے ہسپتال کے مختلف شعبہ جات کا جائزہ بھی لیا اور ایم ایس کنگ عبداللہ ہسپتال سے ملاقات (بقیہ صفحہ 3 نمبر 27)

اعلان تقرری

سینئر صحافی
ملک سجاد اعوان
کو روزنامہ شمال ایبٹ آباد کا ہری پور سے (اعزازی) ڈسٹرکٹ رپورٹر مقرر کر دیا گیا ہے، اپنی خبروں، مراسلات اور اشتہارات کی اشاعت کیلئے ان سے رابطہ کریں
03365403885
ادارہ

وزیر اعلی کو دورہ مانسہرہ کے موقع پر ڈی ایچ او بریفنگ دی

محکمہ صحت کے اہم جاری منصوبوں اور سالانہ ترقیاتی پروگرامز کا تذکرہ کیا گیا

مانسہرہ (نیوز رپورٹر) ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر (ڈی ایچ او) مانسہرہ ڈاکٹر فیصل خانزادہ نے وزیر اعلی خیبر پختونخوا سہیل خان آفریدی کو ضلع مانسہرہ میں محکمہ صحت کے اہم جاری منصوبوں اور سالانہ ترقیاتی پروگرامز (ADPs) کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی۔ بریفنگ میں اوگی کیٹیگری۔ ڈی ہسپتال، بالاکوٹ کیٹیگری۔ سی ہسپتال، سیاحتی (بقیہ صفحہ 3 نمبر 32)

ڈھوڈیال فیڈر پر خود ساختہ بجلی لوڈ شیڈنگ، عوام روڈ پر نکل آئے

غیر اعلانیہ لوڈ شیڈنگ ڈھوڈیال فیڈر کے لوگوں کے ساتھ سراسر زیادتی ہے، قابو پانے کا مطالبہ

پھلل (چیف رپورٹر) ڈھوڈیال فیڈر پر خود ساختہ اور غیر اعلانیہ۔ لوڈ شیڈنگ سینکڑوں عوام روڈ پر نکل آئے جس میں معززین علاقہ علما کرام اور ہر مکتبہ فکر سے تعلق رکھنے والے لوگ شامل تھے جنھوں نے ایکسین مانسہرہ کو ٹارگٹ بناتے ہوئے چیف واپڈا سے مطالبہ کیا کہ ابھی گرمی کی شروعات ہیں گرمی باقی ہے ابھی سے اس طرح غیر اعلانیہ لوڈ شیڈنگ (بقیہ صفحہ 3 نمبر 31)

سٹے کے باوجود کچھ لوگ میری جائیداد پر قبضہ کرنا چاہتے ہیں

ڈی پی او ہریپور مجھے انصاف دلوائے اور فوجداری دفعات کے تحت کاروائی کریں، محمد اکرم

ہریپور (اسٹیشل رپورٹر) عدالت کی جانب سے سٹے کے باوجود کچھ لوگ میری جائیداد پر قبضہ کرنا چاہتے ہیں ڈی پی او ہریپور مجھے انصاف دلوائے اور فوجداری دفعات کے تحت کاروائی کریں، ڈی پی او ہریپور کو دی جانے والی درخواست میں خاتون کے خاوند محمد اکرم ساکنہ پلسار ضلع مانسہرہ حال راولپنڈی نے کہا مستری جاوید ولد انور ،صارف سلطان ولد دوست محمد اور عبدالرشید ولد عبدالعزیز، فدا محمد ولد بدرزمان ساکنان ہل داخلی بیز ہریپور (بقیہ صفحہ 3 نمبر 28)

نور نواز کی زیر صدارت پاک صاف و شفاف خیبر پختونخوا اہم حوالے اجلاس

ہری پور (نیوز رپورٹر) اسسٹنٹ کمشنر ہری پور نور نواز کی زیر صدارت پاک صاف و شفاف خیبر پختونخوا اہم کے حوالے سے اجلاس کا انعقاد کیا گیا۔ اجلاس میں ہری پور میں جاری صفائی ستھرائی کے اقدامات، عوام (بقیہ صفحہ 3 نمبر 29)

دفتر جمعیت علماء اسلام نظریاتی پاکستان ہری پور

مولانا شیخ ادریس شہید کے درجات بلندی کے لئے تعزیتی دعاء کرنے کے موقع پر گروپ فوٹو

حویلیاں یونیورسٹی میوزیکل پروگرام کیخلاف علماء پھٹ پڑے

یہ کون لوگ ہیں اور کن کے اشاروں پر ایسے پروگراموں کو منعقد کروانے کے لیے ایڑی چوٹی کا زور لگا کر ناچ گانے کی محفل سجائی جاتی ہے

حویلیاں (نمائندہ شمال) حویلیاں کی مساجد میں نماز جمعہ کے بڑے اجتماعات میں حویلیاں سائنس اینڈ ٹیکنالوجی یونیورسٹی کے اندر ہونے والے میوزیکل پروگرام کے خلاف بھرپور علما کرام نے آواز بچے بچیوں کو زیور تعلیم سے آراستہ کرنے کی بجائے انھیں خرافات میں دھکیلا جا رہا ہے علماء کرام نے کہا یہ کون لوگ ہیں اور کن کے اشاروں پر ایسے پروگراموں کو منعقد کروانے کے (بقیہ صفحہ 3 نمبر 34)

خانپور میں ٹریفک حادثہ، 2 افراد زخمی ہو گئے

ہری پور (نیوز رپورٹر) خانپور میں ٹریفک حادثہ، 2 افراد زخمی، خانپور میں چنڑی گیٹ کے قریب موٹر سائیکل بے قابو ہو کر درخت سے ٹکرا گیا۔ حادثے کے (بقیہ صفحہ 3 نمبر 33)

سانحہ حطار کے متاثرین میں امدادی چیک تقسیم کر دیئے گئے

ہری پور (نمائندہ خصوصی) وفاقی حکومت کی جانب سے سانحہ حطار کے متاثرین میں امدادی چیک تقسیم کر دیئے گئے۔ تفصیلات کے مطابق ہری پور میں سانحہ (بقیہ صفحہ 3 نمبر 30)

روزنامہ شمال ایبٹ آباد

روزنامہ شمال ایبٹ آباد، مظفر آباد، سوات اور کراچی سے بیک وقت شائع ہوتا ہے۔ ہزارہ (شمال) میں شمال کی فروخت تمام علاقائی اور قومی اخبارات کی مجموعی تعداد سے زیادہ ہے
سروے۔ گیلپ، این آر سی، آئی سی ایل

ڈپٹی ریذیڈنٹ ایڈیٹر ہزارہ: عبدالوحید ہانی

روزنامہ شمال پنجاب اور سندھ میں وہاں کے کئی قومی اخبارات سے بھی زیادہ فروخت ہوتا ہے

ایبٹ آباد مرکزی دفاتر
پلاٹ نمبر A-6 سال انڈسٹریل اسٹیٹ ایبٹ آباد
فون نمبرز 0992-385577 موبائل نمبر 0314-5003149
فیکس 0992-385575,385576,385578
Email: dailyshamal1991@gmail.com Web: www.shamal.com.pk

سوات
حاجی بابا چوک مینگورہ سوات
فون نمبرز 0946-711788,711700
فیکس 0946-720452

مانسہرہ بیورو
0333-5024273

کراچی
امبر میڈیکل سنٹر پلازہ کراچی
فون نمبرز 021-2752266,2752421
فیکس 021-2752422
Email: shamalkarachi@yahoo.com

ہری پور بیورو
محمد جاوید عباسی
0995-612434
0995-612424

راولپنڈی/اسلام آباد
حاجی وحید الزمان
0334-5008600
بگرام، شیر خان (بیورو چیف) 0301-8149023

مظفر آباد
عقب جی پی او نزد ایوان صدر مظفر آباد
فون نمبر 05822-446938
فیکس 05822-446842
Email:shamalmzd2011@gmail.com

مویلیاں بیورو
0992-810990

ہفتہ 21 ذیقعدہ 1447ھ 09 مئی 2026ء 2083 ب

DRAP کا ادویات کی قیمتوں میں ہوشربا اضافے کا انکشاف

ملک میں پہلے ہی مہنگائی، بے روزگاری اور معاشی بدحالی نے عوام کی زندگی اجیرن بنا رکھی ہے، مگر اب علاج اور ادویات بھی عام آدمی کی پہنچ سے دور ہوتی جا رہی ہیں۔ ڈرگ ریگولیٹری اتھارٹی آف پاکستان کی جانب سے ادویات کی قیمتوں میں ہوشربا اضافے کا انکشاف ایک ایسے وقت میں سامنے آیا ہے جب سرکاری اسپتالوں میں ادویات ناپید اور نجی اسپتال عوام کے لیے لوٹ مار کے مراکز بنتے جا رہے ہیں۔

سوال یہ ہے کہ آخر بیمار اور غریب عوام جائیں تو کہاں جائیں؟ زمینی حقائق یہ ہیں کہ چند برس قبل جو دوائی سو یا دو سو روپے میں دستیاب تھی، آج وہی دوا پانچ سو سے ایک ہزار روپے تک پہنچ چکی ہے۔ دل، شوگر، بلڈ پریشر، کینسر، دمہ اور دیگر دائمی امراض میں مبتلا مریض سب سے زیادہ متاثر ہو رہے ہیں۔ ایک طرف مہنگی ادویات اور دوسری طرف جعلی اور غیر معیاری ادویات کا بازار گرم ہے۔

عوام اپنی بیماری سے کم اور علاج کے اخراجات سے زیادہ خوفزدہ دکھائی دیتے ہیں۔ حکومت اور متعلقہ ادارے اکثر یہ مؤقف اختیار کرتے ہیں کہ ڈالر کی قیمت، خام مال کی درآمد اور پیداواری لاگت میں اضافے کے باعث قیمتیں بڑھانا ناگزیر ہو گیا تھا۔ لیکن اگر یہی منطق درست مان لی جائے تو پھر یہ سوال بھی پیدا ہوتا ہے کہ کیا عوام کی آمدنی میں بھی اسی تناسب سے اضافہ ہوا؟ کیا مزدور، ریڑھی بان، پنشنرز اور سفید پوش طبقہ اتنی مہنگی ادویات خریدنے کی استطاعت رکھتے ہیں؟

حقیقت یہ ہے کہ پاکستان میں صحت اب بنیادی حق نہیں بلکہ امیروں کی سہولت بنتی جا رہی ہے۔ تشویشناک امر یہ بھی ہے کہ کئی فارما کمپنیاں اور میڈیکل اسٹور مالکان مصنوعی قلت پیدا کر کے مزید منافع خوری میں مصروف دکھائی دیتے ہیں۔ بعض ادویات جان بوجھ کر مارکیٹ سے غائب کر دی جاتی ہیں تاکہ نئی قیمتوں کے ساتھ دوبارہ فروخت کی جا سکیں۔ نگرانی کے ذمہ دار ادارے یا تو خاموش تماشائی بنے ہوئے ہیں یا پھر طاقتور مافیا کے سامنے بے بس دکھائی دیتے ہیں۔

یہ صورتحال صرف معاشی مسئلہ نہیں بلکہ ایک سنگین انسانی المیہ بنتی جا رہی ہے۔ غریب مریض علاج ادھورا چھوڑنے پر مجبور ہیں، کئی خاندان صرف دوائیوں کے اخراجات پورے کرنے کے لیے قرضوں تلے دب رہے ہیں۔ دیہی علاقوں میں تو حالت مزید خراب ہے جہاں بنیادی طبی سہولیات پہلے ہی نہ ہونے کے برابر ہیں۔ ضرورت اس امر کی ہے کہ DRAP، وزارتِ صحت اور حکومت فوری طور پر ادویات کی قیمتوں کے تعین کا شفاف نظام متعارف کروائیں۔ فارما مافیا، ذخیرہ اندوزی اور مصنوعی مہنگائی میں ملوث عناصر کے خلاف سخت کارروائی کی جائے۔ سرکاری اسپتالوں میں مفت اور معیاری ادویات کی فراہمی یقینی بنائی جائے تاکہ غریب عوام کم از کم علاج جیسی بنیادی ضرورت سے محروم نہ ہوں۔ اگر ادویات بھی عام آدمی کی پہنچ سے باہر ہو گئیں تو پھر یہ معاشرہ صرف بیماریوں کا نہیں بلکہ ناانصافی، بے حسی اور ظلم کا شکار ہو جائے گا۔ حکمرانوں کو یاد رکھنا چاہیے کہ جب ریاست اپنے شہریوں کو علاج کی سہولت بھی نہ دے سکے تو پھر اسے اقتدار کی کرسی سے چمٹے رہنے کا کوئی حق نہیں اور ساتھ ہی ساتھ عوام کا نظام پر اعتماد ختم ہونا شروع ہو جاتا ہے۔

علما کرام کے خلاف سازش یا سیکیورٹی کی ناکامی؟

ہمارے معاشرے میں جب بھی کسی بے گناہ انسان کا خون بہتا ہے اور قاتل سامنے نہیں آتا تو دل بے اختیار سوال اٹھاتا ہے کہ آخر ذمہ داری کس پر عائد ہوتی ہے۔ ایسے مواقع پر عوام کے ذہن میں یہ احساس شدت اختیار کر لیتا ہے کہ اگر انصاف کا نظام بروقت حرکت میں نہ آئے اور مجرم قانون کے شکنجے میں نہ آئیں تو یہ خاموشی خود ایک بہت بڑا سوالیہ نشان بن جاتی ہے جو ریاستی ذمہ داریوں پر اثر انداز ہوتی ہے۔ پاکستان ایک ایسا ملک ہے جو اسلام کے نام پر قائم ہوا، جہاں علما کرام کو نہ صرف عزت و احترام حاصل ہونا چاہیے بلکہ ان کی جان و مال کا تحفظ بھی ریاست کی اولین ذمہ داری ہونی چاہیے۔ مگر افسوس کے ساتھ کہنا پڑتا ہے کہ وقتاً فوقتاً پیش آنے والے واقعات اس تصور کو مجروح کرتے نظر آتے ہیں اور عوام کو یہ سوچنے پر مجبور کر دیتے ہیں کہ کہیں نہ کہیں ہمارے نظام میں کمزوری موجود ہے۔

جب کسی عالم دین کو نشانہ بنایا جاتا ہے تو یہ صرف ایک فرد کا قتل نہیں ہوتا بلکہ ایک علمی ورثہ، ایک فکری رہنمائی اور ایک پورے حلقہ اثر کو نقصان پہنچتا ہے۔ ایسے سانحات نہ صرف خاندانوں کو اجاڑ دیتے ہیں بلکہ قوم کے اجتماعی شعور اور فکری تسلسل کو بھی شدید دھچکا پہنچاتے ہیں، جس کے اثرات برسوں تک محسوس کیے جاتے ہیں۔ یہ سوال بھی بار بار ذہن میں آتا ہے کہ اگر دیگر ممالک میں علما کسی حد تک محفوظ ہیں تو پھر یہاں ایسا کیوں نہیں ہو پا رہا۔ کیا ہماری ترجیحات میں کہیں کمی ہے، یا ہمارے سیکیورٹی نظام میں کوئی ایسا خلا موجود ہے جسے فوری طور پر پر کرنے کی ضرورت ہے تاکہ ایسے افسوسناک واقعات کا سدباب ممکن ہو سکے۔

گزشتہ چند دہائیوں میں متعدد جید علما کو نشانہ بنایا گیا، جن میں شیخ حسن جان، مولانا سمیع الحق، مفتی منیر شاکر اور دیگر قابل ذکر نام شامل ہیں۔ ان تمام واقعات نے نہ صرف قوم کو غمزدہ کیا بلکہ ایک مستقل تشویش کو بھی جنم دیا کہ آخر یہ سلسلہ کب رکے گا اور اس کے پیچھے کون سے عوامل کارفرما ہیں۔ ان واقعات کے بعد ہر بار یہی سوال اٹھتا ہے کہ آخر ان حملوں کے پیچھے کون لوگ ہیں اور ان کے مقاصد کیا ہیں۔ کیا یہ محض انفرادی کارروائیاں ہیں یا کسی منظم سوچ اور منصوبہ بندی کا حصہ، جس کا مقصد معاشرے میں خوف و ہراس پھیلانا اور مذہبی طبقے کو نشانہ بنانا ہے۔

ریاستی اداروں کی ذمہ داری ہوتی ہے کہ وہ نہ صرف ایسے واقعات کی مکمل، شفاف اور غیر جانبدارانہ تحقیقات کریں بلکہ مجرموں کو قانون کے کٹہرے میں لا کر انصاف کو یقینی بنائیں۔ انصاف میں تاخیر نہ صرف متاثرہ خاندانوں کے زخموں کو گہرا کرتی ہے بلکہ عوام کے اعتماد کو بھی متاثر کرتی ہے۔ عوام میں یہ تاثر بھی پایا جاتا ہے کہ بعض اوقات اہم مقدمات میں پیش رفت سست روی کا شکار ہو جاتی ہے، جبکہ کچھ معاملات میں غیر معمولی تیزی دکھائی دیتی ہے۔ یہی تضاد عوامی ذہنوں میں سوالات کو جنم دیتا ہے اور ریاستی اداروں پر اعتماد کو کمزور کرنے کا باعث بنتا ہے، جسے دور کرنا انتہائی ضروری ہے۔

علما کرام معاشرے کی اخلاقی، دینی اور فکری رہنمائی کا ایک اہم ستون ہوتے ہیں۔ ان کی حفاظت دراصل ایک صحت مند، متوازن اور باوقار معاشرے کی ضمانت ہوتی ہے، کیونکہ وہ نہ صرف دین کی تعلیم دیتے ہیں بلکہ معاشرتی اقدار کو بھی مضبوط بناتے ہیں۔ یہ بھی ضروری ہے کہ ہم جذبات سے ہٹ کر حقائق کا سنجیدگی سے جائزہ لیں اور یہ سمجھنے کی کوشش کریں کہ سیکیورٹی کے نظام میں کہاں بہتری کی گنجائش موجود ہے۔ محض الزامات اور جذباتی بیانات سے مسئلے حل نہیں ہوتے بلکہ ٹھوس، عملی اور دیرپا اقدامات کی ضرورت ہوتی ہے۔

ہر واقعے کے بعد وقتی ردعمل سامنے آتا ہے، بیانات دیے جاتے ہیں، تعزیت کی جاتی ہے، مگر اصل ضرورت ایک مستقل، جامع اور مؤثر حکمت عملی کی ہے جو نہ صرف ایسے واقعات کی روک تھام کرے بلکہ مستقبل میں بھی اس طرح کے خطرات کو کم سے کم کر سکے۔ یہ ایک اجتماعی ذمہ داری بھی ہے کہ معاشرے میں برداشت، رواداری اور امن کو فروغ دیا جائے تاکہ کسی بھی قسم کی انتہاپسندی یا نفرت انگیزی کو جڑ پکڑنے کا موقع نہ ملے اور اختلافات کو پرامن طریقے سے حل کیا جا سکے۔

علما کے خلاف ہونے والے حملے دراصل معاشرتی ہم آہنگی، اتحاد اور استحکام پر بھی حملہ ہوتے ہیں۔ اس لیے ان کا سدباب صرف سیکیورٹی اقدامات سے نہیں بلکہ فکری، تعلیمی اور سماجی سطح پر بھی کرنا ہوگا تاکہ ایک متوازن معاشرہ تشکیل دیا جا سکے۔ میڈیا، تعلیمی ادارے اور مذہبی حلقے سب کو مل کر ایک ایسا ماحول پیدا کرنا ہوگا جہاں اختلاف رائے کو دشمنی میں تبدیل نہ ہونے دیا جائے اور ہر فرد کو اپنی رائے کے اظہار کا حق محفوظ ہو۔

ریاست کو چاہیے کہ وہ ان تمام کیسز کو ترجیحی بنیادوں پر دوبارہ کھولے جہاں مجرموں کا تعین نہیں ہو سکا، تاکہ متاثرہ خاندانوں کو انصاف مل سکے اور عوام کا اعتماد بحال ہو، جو کسی بھی معاشرے کی ترقی کے لیے بنیادی حیثیت رکھتا ہے۔ قانون کی بالادستی اسی وقت قائم ہوتی ہے جب ہر مجرم کو اس کے انجام تک پہنچایا جائے، چاہے وہ کتنا ہی طاقتور یا بااثر کیوں نہ ہو۔ یہی اصول ایک مضبوط اور منصفانہ معاشرے کی بنیاد فراہم کرتا ہے۔

یہ بھی حقیقت ہے کہ سیکیورٹی چیلنجز ہر ملک کو درپیش ہوتے ہیں، مگر ان کا مقابلہ مؤثر پالیسی، جدید حکمت عملی اور مستقل مزاجی کے ساتھ کیا جا سکتا ہے، بشرطیکہ نیت اور ارادہ مضبوط ہو۔ علما کرام کا تحفظ صرف ایک طبقے کا مسئلہ نہیں بلکہ پوری قوم کا مسئلہ ہے، کیونکہ ان کی خدمات معاشرے کے ہر فرد تک پہنچتی ہیں اور ان کا کردار قوم کی اخلاقی تربیت میں کلیدی حیثیت رکھتا ہے۔

ضرورت اس امر کی ہے کہ ہم بحیثیت قوم اپنی ترجیحات کا تعین کریں اور ایسے اقدامات کریں جو امن، انصاف اور استحکام کو یقینی بنائیں، تاکہ آنے والی نسلیں ایک محفوظ اور پرامن ماحول میں زندگی گزار سکیں۔ متاثرہ خاندانوں کا دکھ صرف ان کا ذاتی دکھ نہیں بلکہ پوری قوم کا دکھ ہے۔ ان کے زخم اس وقت تک نہیں بھر سکتے جب تک انصاف کا عمل مکمل نہ ہو اور مجرموں کو قرار واقعی سزا نہ دی جائے۔

یہ سوالات جو آج اٹھائے جا رہے ہیں، ان کے تسلی بخش اور واضح جواب دینا ریاستی اداروں کی ذمہ داری ہے تاکہ شکوک و شبہات کا خاتمہ ہو اور عوام کا اعتماد بحال ہو سکے۔ ایک مضبوط، منصف اور ذمہ دار ریاست ہی اپنے شہریوں کو مکمل تحفظ فراہم کر سکتی ہے۔ ہمیں اسی سمت میں سنجیدگی، دیانتداری اور مستقل مزاجی کے ساتھ قدم بڑھانے کی ضرورت ہے تاکہ ایسے سانحات کا ہمیشہ کے لیے خاتمہ ممکن ہو سکے۔

پاکستان پر اعتماد ایک نئی سوچ، ایک نیا یقین اور روشن مستقبل

پاکستان ایک ایسا ملک ہے جس کی بنیاد کسی عام خطے یا وقتی ضرورت پر نہیں رکھی گئی بلکہ ایک بڑے خواب، ایک نظریے اور ایک طویل جدوجہد کے نتیجے میں یہ وطن وجود میں آیا۔ یہاں بسنے والے لوگوں نے بے شمار قربانیاں دیں تاکہ ایک ایسی ریاست قائم ہو جہاں وہ آزادی، عزت اور اپنی شناخت کے ساتھ زندگی گزار سکیں۔ آج جب ہم اردگرد حالات کو دیکھتے ہیں تو سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ کیا ہم واقعی اپنے پاکستان پر اعتماد کرتے ہیں؟ اعتماد کوئی سادہ لفظ نہیں بلکہ یہ ایک سوچ ہے، ایک رویہ ہے اور ایک ایسا یقین ہے جو کسی بھی قوم کو آگے بڑھاتا ہے۔ اگر کسی قوم کا اعتماد اپنے ملک پر مضبوط ہو تو مشکلات کے باوجود بھی وہ راستہ نکال لیتی ہے، لیکن اگر یہی اعتماد کمزور پڑ جائے تو ترقی کے مواقع ہونے کے باوجود بھی قوم پیچھے رہ جاتی ہے۔ بدقسمتی سے ہمارے ہاں اکثر منفی باتیں زیادہ سننے کو ملتی ہیں جس سے لوگوں کے اندر مایوسی پیدا ہوتی ہے، حالانکہ حقیقت اس کے برعکس بھی بہت کچھ بتاتی ہے۔ پاکستان نے اپنی تاریخ میں بے شمار مشکلات کا سامنا کیا ہے۔ معاشی دبا، سیاسی اتار چڑھا، دہشت گردی کے چیلنجز اور قدرتی آفات نے اس ملک کو کئی بار آزمایا ہے، لیکن اس کے باوجود پاکستان نہ صرف قائم ہے بلکہ آگے بڑھنے کی کوشش بھی کر رہا ہے۔ یہ خود اس بات کا ثبوت ہے کہ اس ملک میں طاقت بھی ہے اور صلاحیت بھی، بس ضرورت اس بات کی ہے کہ ہم اس پر یقین اور اعتماد کریں۔ اگر ہم نوجوان نسل کی بات کریں تو آج کا نوجوان پہلے سے زیادہ باخبر اور باشعور ہے۔ وہ صرف روایتی سوچ تک محدود نہیں بلکہ ٹیکنالوجی، تعلیم، کاروبار اور جدید دنیا کے ساتھ جڑ چکا ہے۔ یہی نوجوان پاکستان کا اصل سرمایہ ہیں۔ اگر ان کو صحیح سمت دی جائے اور ان پر اعتماد کیا جائے تو یہ ملک کی تقدیر بدلنے کی صلاحیت رکھتے ہیں۔ مسئلہ صرف یہ ہے کہ ہم اکثر ان کی صلاحیتوں کو نظر انداز کر دیتے ہیں یا ان کے سامنے صرف مشکلات پیش کرتے ہیں، جبکہ ضرورت اس بات کی ہے کہ ان کو مواقع دیے جائیں اور ان کے راستے آسان کیے جائیں۔ پاکستان کی معیشت اگرچہ کئی مسائل کا شکار ہے لیکن اس میں امکانات بھی کم نہیں۔ زراعت، صنعت، معدنی وسائل اور آئی ٹی جیسے شعبے اگر صحیح طریقے سے استعمال کیے جائیں تو یہ ملک خود کفیل ہو سکتا ہے۔ خاص طور پر آئی ٹی سیکٹر میں پاکستانی نوجوان دنیا بھر میں اپنی صلاحیتوں کا لوہا منوا رہے ہیں، جو اس بات کا واضح ثبوت ہے کہ یہاں ٹیلنٹ کی کوئی کمی نہیں۔ اگر اسی رفتار سے اس شعبے کو سپورٹ کیا جائے تو یہ ملک کے لیے بڑا معاشی سہارا بن سکتا ہے۔ اسی طرح سیاحت بھی پاکستان کا ایک بڑا پوٹینشل ہے۔ شمالی علاقہ جات کی خوبصورتی دنیا بھر میں اپنی مثال آپ ہے۔ اگر اس شعبے کو بہتر طریقے سے ترقی دی جائے تو نہ صرف ملک کی معیشت بہتر ہو سکتی ہے بلکہ لاکھوں لوگوں کو روزگار بھی مل سکتا ہے۔ مگر یہ سب اسی وقت ممکن ہے جب ہم اپنے ملک پر اعتماد کریں اور اس کے وسائل کو مثبت انداز میں دیکھیں۔ ایک اور اہم بات یہ ہے کہ کسی بھی ملک کی ترقی میں اداروں اور عوام کا باہمی اعتماد بہت اہم کردار ادا کرتا ہے۔ اگر عوام اپنے اداروں پر اعتماد کریں اور ادارے عوام کی توقعات پر پورا اتریں تو نظام خود بخود بہتر ہو جاتا ہے۔ لیکن اس کے ساتھ ساتھ عوام کی ذمہ داری بھی بنتی ہے کہ وہ اپنے حصے کا کردار ایمانداری اور ذمہ داری سے ادا کریں۔ ایک چھوٹی سی مثبت تبدیلی بھی مجموعی نظام پر بڑا اثر ڈال سکتی ہے۔ ہمیں یہ بھی سمجھنے کی ضرورت ہے کہ ترقی ایک دن میں نہیں ہوتی۔ یہ ایک مسلسل عمل ہے جس میں وقت، محنت اور صبر درکار ہوتا ہے۔ اگر ہم ہر چیز کو فوری نتائج کے پیمانے پر دیکھیں گے تو مایوسی ہی ہاتھ آئے گی، لیکن اگر ہم تسلسل کے ساتھ بہتری کی طرف دیکھیں تو بہت کچھ بدل سکتا ہے۔ قومیں اسی طرح بنتی اور مضبوط ہوتی ہیں۔ آج پاکستان کو جس چیز کی سب سے زیادہ ضرورت ہے وہ ایک نئی سوچ ہے۔ ایسی سوچ جو صرف مسائل نہ گنائے بلکہ ان کا حل بھی تلاش کرے۔ ایسی سوچ جو مایوسی کے بجائے امید پیدا کرے اور جو ہمیں یہ احساس دلائے کہ ہم ایک مضبوط قوم ہیں۔ یہی سوچ آگے چل کر اعتماد میں بدلتی ہے اور یہی اعتماد ترقی کی بنیاد بنتا ہے۔ میرے خیال میں پاکستان پر اعتماد کوئی جذباتی نعرہ نہیں بلکہ ایک عملی ضرورت ہے۔ اگر ہم نے اس ملک پر یقین کرنا شروع کر دیا تو ہم خود بھی بدلیں گے اور ہمارا مستقبل بھی۔ یہ ملک ہمارا ہے اور اس کی بہتری ہماری ذمہ داری ہے۔ جب ہم یہ احساس اپنے دل میں بٹھا لیں گے تو پھر حالات خود بخود بہتر ہونا شروع ہو جائیں گے اور ہم اجتماعی طور پر ایک مثبت سمت میں بڑھیں گے۔ آج کے دور میں سب سے بڑا چیلنج یہی ہے کہ ہم اپنی توجہ منفی باتوں سے ہٹا کر مثبت پہلوؤں پر رکھیں۔ اگر ہم کامیابیوں کو بھی اسی طرح دیکھنا شروع کر دیں جس طرح ہم ناکامیوں کو دیکھتے ہیں تو ہماری سوچ خود بخود بدل جائے گی۔ یہی تبدیلی اصل ترقی کی بنیاد ہے۔ آخر میں بس یہی بات کہی جا سکتی ہے کہ پاکستان پر اعتماد ایک نئی سوچ ہے، ایک نیا یقین ہے اور ایک روشن مستقبل کی امید ہے۔ اگر ہم اس اعتماد کو مضبوط کر لیں تو وہ دن دور نہیں جب ہم ایک ترقی یافتہ، مضبوط اور باوقار پاکستان کے ساتھ کھڑے ہوں گے، اور دنیا ہمیں ایک کامیاب قوم کے طور پر دیکھے گی۔

امتحان کی شفافیت یا عزت کی پامالی

تحریر: میاں عبدالوحید

نقل ایک ناسور ہے۔ اس سے انکار ممکن نہیں۔ امتحانی نظام میں میرٹ اور دیانت داری ہر قیمت پر قائم رہنی چاہیے۔ جو طالب علم قواعد توڑے، ادارے اس کے خلاف قانون کے مطابق کارروائی کریں۔ یہ اصولی موقف ہے اور ہونا بھی چاہیے مگر سوال یہ ہے کہ کارروائی کے نام پر ہم کہاں تک جائیں گے؟ کیا ایک کم عمر طالب علم، خاص کر بچی، کی ویڈیو بنا کر فیس بک اور واٹس ایپ پر وائرل کرنا انصاف ہے آئین پاکستان کا آرٹیکل 14 ہر شہری کی عزتِ نفس اور نجی زندگی کو ریاست کی حفاظت میں دیتا ہے۔ آرٹیکل 9 زندگی اور تحفظ کا بنیادی حق دیتا ہے۔ یعنی ریاست کا کام عزت بچانا ہے، اچھالنا نہیں پریوینشن آف الیکٹرانک کرائمز ایکٹ 2016 واضح ہے۔ کسی کی تصویر یا ویڈیو اس کی اجازت کے بغیر پھیلانا، اسے بدنام کرنا، ذہنی اذیت دینا، سب قابلِ سزا جرم ہیں۔ ہم نے اکثر دیکھا ہے کہ پولیس بھی بڑے سے بڑے ملزم کا چہرہ ڈھانپ کر پیش کرتی ہے۔ کیوں؟ کیونکہ عدالت کا فیصلہ آنے سے پہلے کسی کو مجرم کہنا اور سرِ عام رسوا کرنا انصاف



کے بنیادی اصول کے خلاف ہے۔ جب ایک ثابت شدہ ملزم کے لیے یہ رعایت ہے تو ایک طالب علم کے لیے کیوں نہیں؟ ایک ویڈیو وائرل ہوتی ہے، لاکھوں لوگ دیکھتے ہیں، تبصرے ہوتے ہیں، جگتیں بنتی ہیں۔ مگر کیمرے کے پیچھے ایک بچی ہے۔ اس کا خاندان ہے۔ اس کا مستقبل ہے۔ سوشل میڈیا کی یہ "عدالت "چند گھنٹوں میں کسی کو نفسیاتی مریض بنا دیتی ہے۔ خدانخواستہ اگر وہ بچی دباؤ برداشت نہ کر سکے اور کوئی انتہائی قدم اٹھا لے تو اس خون کا ذمہ دار کون ہوگا؟ وہ موبائل والا استاد، وہ ویڈیو شیئر کرنے والا ایڈمن، یا ہم سب امتحانی ہال میں کیمرے لگائیں، سخت عملہ تعینات کریں، مگر ہال کی کارروائی کو سوشل میڈیا کی زینت نہ بنائیں۔ خلاف ورزی ہو تو متعلقہ بورڈ یا محکمے کو رپورٹ کریں۔ ثبوت ادارے کو دیں، عوام کو نہیں۔ پرائیویسی مقدم ہے طالبات کی شناخت اور چہرہ ہر حال میں چھپایا جائے۔ یہ صرف قانون نہیں، ہماری روایات کا بھی تقاضا ہے۔ سزا سے پہلے تربیت۔ بچے کو سمجھائیں کہ نقل کیوں غلط ہے۔ کردار بنائیں، تماشا نہیں تعلیم کا مقصد انسان بنانا ہے، مجرم نہیں۔ اصلاح کرنی ہے، رسوا نہیں کرنا۔ اگر ہم نے آج بچوں کی عزت کا تحفظ نہ کیا تو کل کو یہی بچے نظام سے، اداروں سے اور ہم سب سے نفرت کریں گے۔ امتحان میں نقل روکیں، ضرور روکیں۔ مگر خدارا، اس عمل میں کسی بیٹی کی عزت، کسی بچے کا مستقبل اور کسی ماں کی نیند داؤ پر نہ لگائیں

جہانزیب خان کا سٹی سرکل ڈرائیونگ لائسنس برانچ ٹاؤن شپ کا دورہ

دورے کا مقصد ٹیسٹ کا انعقاد اور شہریوں کو میرٹ پر لائسنس کی فراہمی کو یقینی بنانا تھا

پھلڑہ (نمائندہ شمال) ایس پی ٹریفک مانسہرہ جہانزیب خان کا سٹی سرکل ڈرائیونگ لائسنس برانچ ٹاؤن شپ کا دورہ۔ دورے کا مقصد ہفتہ وار ڈرائیونگ ٹیسٹ (بقیہ صفحہ 3 نمبر 60)

فضا پاک فضائیہ کے شاہینوں کے طیاروں کی گھن گرج سے گونج اٹھی

ہری پور (نمائندہ خصوصی) معرکہ حق کا ایک سال مکمل ہونے کے موقع پر وفاقی دارالحکومت کی فضا پاک فضائیہ کے شاہینوں کے طیاروں کی گھن گرج سے گونج اٹھی۔ معرکہ حق کو ایک سال مکمل ہونے کے موقع پر وفاقی دارالحکومت میں خصوصی تقریبات کا آغاز ہو گیا ہے۔ اس سلسلے میں پاک فضائیہ کے لڑاکا طیاروں نے اسلام آباد کی فضاؤں میں شاندار فلائی پاسٹ کی ریہرسل کی، جس سے فضا نعرہ تکبیر اور طیاروں کی گھن گرج سے گونج اٹھی۔ حکام کے مطابق یہ فضائی سرگرمیاں معرکہ حق کی سالانہ تقریب کی مناسبت سے منعقد کی جانے والی فلائی پاسٹ کی ریہرسل کا حصہ ہیں۔ پاک فضائیہ کے جدید لڑاکا طیارے فارمیشن کی صورت میں دارالحکومت کے آسمان پر بجلی (بقیہ صفحہ 3 نمبر 59)

درستگی نام

میرے بیٹے کا درست نام abdul wasay ہے غلطی سے ب فارم میں abdul wasiah درج کیا گیا ہے لہذا درستگی کی جائے

منجانب: زینب بی بی زوجہ محمد عامر ساکنہ سلطان پور تحصیل و ضلع ایبٹ آباد

اطلاع عام

میرے والد اللہ بخش وفات پا چکے ہیں جن کی وراثت کے شرعی و قانونی وارثان میں بی بی خورشید بیوہ، عنائت الرحمن، محمد فیصل بیٹے، بی بی شازیہ بیٹی شامل ہیں ان کے علاوہ کوئی وارث نہیں ہے

منجانب: عنائت الرحمن ولد اللہ بخش (مرحوم) سکنہ سیکٹر نمبر دو اعظم چوک کھلابٹ ٹاؤن شپ ہری پور

INVITATION FOR BIDS (IFB)

Procurement of Machinery/Equipment & Other Items for Establishment of NERVE CENTER

Deputy Commissioner Office Abbottabad invites e-bids through EPADS portal (https://kp.eprocure.gov.pk/) (single stage, single envelop) from eligible bidders Firms/ Suppliers (registered with FBR and on EPADS) for Procurement of Machinery/Equipment & Other items for Establishment of NERVE CENTER under KPPRA Rules 2014 as per given detail:

S#.	Detail	Description
1.	Procurement of Machinery/ Equipment & Other Items for Establishment of NERVE CENTER	Detail and specification given in bidding documents to be download from EPADS Portal

TERMS & CONDITIONS:

1. Firm/Supplier will attach Copy of CNIC, NTN/Activ Taxpayer Certificate and a certificate/affidavit that the firm is not black listed by any client / KPPRA.
2. Bidding shall be conducted through Single Stage-Single Envelope Bidding Procedure as per KPPRA Rules-2014. The bidders are bound to provide their complete information along with its postal as well as valid email address and phone numbers.
3. Firm/Supplier must quote rates inclusive of all government taxes.
4. The bids shall be submitted by Firms on EPADS portal by 25-05-2026 at 10:00 AM. The bids shall be opened by the Procurement Committee in the presence of representatives of the bidders on 25-05-2026 at 11:00 am in Additional Deputy Commissioner Office Abbottabad,
5. The bid must be accompanied with fixed Bid Security amounting to Rs:300000/- in the shape of Call Deposit Receipt (CDR) in the name of Deputy Commissioner Abbottabad.
6. The undersign may reject all bids or proposals at any time prior to the acceptance of a bid or proposal. As per provision contained in The Khyber Pakhtunkhwa Public Procurement of Good. Works & Service Rules 2014.

Additional Deputy Commissioner
Chairman Procurement Committee
Abbottabad

INF(AD)58

ایک شام محترم واحد سراج کے نام

رپورٹ: عبدالوحید بسمل۔ مشیر ادبیات۔ ہزارہ اباسین آرٹس کونسل ایبٹ آباد

ہزارہ اباسین آرٹس کونسل ایبٹ آباد کے زیر اہتمام وطن عزیز کے مایہ ناز شاعر 'ادیب، ماہر تعلیم اور معروف سماجی شخصیت جناب واحد سراج کے ساتھ ایک شام منائی گئی۔ اس پروقار تقریب کی صدارت ہزارہ کی ہردلعزیز شخصیت اور سابق کمشنر ہزارہ محترم سید ظہیر الاسلام صاحب نے فرمائی اور مہمان خصوصی کے طور پر ممتاز ادبی حوالے جناب مرتضی سید نے تقریب کو رونق بخشی جبکہ تقریب کی نظامت کے فرائض راقم الحروف) عبدالوحید بسمل (نے ادا کئے۔ ہزارہ بھر سے معاشرے کے تقریباً ہر شعبے سے اہم اور ممتاز ادبی اور سماجی شخصیات جن میں میجر) ر(امان اللہ خان امان، جناب احمد حسین مجاہد، ڈاکٹر عامر سہیل، ڈاکٹر ضیا الرشید، پروفیسر ممتاز حیدر، پروفیسر محمد فرید، پروفیسر عثمان خان، قاضی ناصر بخت یار خان، معروف سینئیر براڈکاسٹر جناب مرتضی قریشی، مادام عذرا عندلیب اور سینئیر صحافی لالہ محمد زمان، مدنی اعجاز مدنی، محمد ادریس اعوان ایڈووکیٹ اور سردار توقیر کے اسمائے گرامی خاص طور پر قابل ذکر ہیں۔ شرکت فرما کر اس تقریب کی قدرو منزلت میں بیش بہا اضافہ فرمایا۔ تقریب کا آغاز تلاوت کلام پاک سے کیا گیا جس کے بعد ہدیہ نعت بحضور سرور کائنات صل اللہ علیہ وآلہ وسلم پیش کی گئی۔ یہ دونوں سعادتیں کونسل کے شعبہ نعت کے سربراہ اور معروف نعت خواں حافظ جنید مصطفیٰ صاحب کے حصے میں آئیں۔ مادام محمودہ چوہدری نے صاحب تقریب کی شخصیت اور فن پر، پرمغز مقالہ پیش کیا۔ ڈاکٹر ضیا الرشید، سابق ڈی جی سپورٹس جناب طارق محمود، ڈاکٹر عامر سہیل، پرائڈ آف پرفارمنس جناب احمد حسین مجاہد، اور محترم میجر) ر (امان اللہ خان امان نے اپنے تفصیلی خطاب میں جناب واحد سراج کے علمی، ادبی اور سماجی کار ہائے نمایاں پر خوب روشنی ڈالی۔ دیگر احباب میں سے جناب محمد طارق، ڈاکٹر قمر زمان، جناب منیر احمد، جناب شکیل اعوان، اور شبیر شمر نے صاحب شام پر اپنے مختصر تاثرات کا اظہار کیا۔ ازاں بعد کونسل کی طرف سے جناب واحد سراج، جناب امان اللہ خان امان، جناب مرتضی سید اور صاحب صدارت جناب سید ظہیر الاسلام صاحب کو تحائف اور اعزازت پیش کئے جو کہ کونسل کے نائب صدر جناب قاضی محمد زبیر اور سیکرٹری جناب خالد وحید قریشی کے دست مبارک سے تقسیم کیے گئے۔۔ اس تقریب کی خاص بات یہ بھی تھی کہ اس میں معروف گلوکار جناب شکیل اعوان اور راحیل عباس بارکزئی کی کمپوزیشن اور سحر انگیز آواز میں صاحب شام کی کئی غزلیں پیش کی گئیں جنہیں اہل ذوق نے خوب سراہا۔ اس موقعے ہر صاحب شام جناب واحد سراج نے بہت پیارے الفاظ میں کونسل کے جملہ اراکین اور اس تقریب کے منتظمین کا شکریہ ادا کرتے ہوئے۔ مثبت سوچ و فکر کے تحت ادب کی تخلیق اور ادیب کی ذمہ داریوں پر سیر حاصل خطاب کیا۔ مہمان خصوصی جناب پروفیسر مرتضی سید اور صاحب صدارت جناب سید ظہیر الاسلام صاحب نے اپنے آپنے خطاب میں ایسی شامیں منانے کا اصل مقصد اور کسی ادیب کا اس مرتبے پر پہنچنا کہ اس کے ساتھ شام منائی جائے جیسے موضوع پر انتہائی خوبصورت خطاب فرمایا۔ اور واحد سراج صاحب کی علمی، ادبی اور سماجی کاوشوں پر خوشی اور مسرت کے اظہار کے ساتھ ایسی تقریبات اور انکی خدمات کو سراہا جانا ان کا حق قرار دیا۔۔ یہ پروقار تقریب رات آٹھ بجے کے قریب شرکائے تقریب کی تواضع پر اختتام پذیر ہوئی۔

نو مئی ملکی تاریخ کا سیاہ باب، شہدا کی قربانیوں کی توہین نا قابل برداشت ہے،

آغا سفیر حسین کاظمی

غازیوں کی خدمات اور شہیدوں کی قربانیاں صرف وطن اور اہل وطن کے لیے ہیں۔ شہدائے وطن کے لواحقین افواج پاکستان کے شانہ بشانہ کھڑے ہیں، چیئرمین شہدائے وطن میڈیا سیل تابوت کا وزن صرف وہ جانتے ہیں جنہوں نے وطن پر اپنے پیارے قربان کیے، ہائبرڈ وار کے دور میں قومی دفاع اور نظریاتی استحکام ناگزیر ہے، اظہارِ خیال مسلح افواج پاکستان ایمان، تقوی اور جہاد فی سبیل اللہ کے جذبے سے سرشار ہیں، افواج پاکستان کے جانباز شہدائے وطن کے لواحقین دفاعِ وطن کے لیے دی جانے والی قربانیوں کی تعظیم و تکریم کے علاوہ کسی دوسری روش کو ہرگز برداشت نہیں کر سکتے۔ انہوں نے کہا کہ جن خاندانوں نے وطن عزیز کی آزادی، قومی خودداری اور وقار کے لیے اپنے پیاروں کا خون قربان کیا ہو، وہ خون کی قدر و قیمت کو بخوبی جانتے ہیں اور یہ بھی جانتے ہیں کہ سبز ہلالی پرچم میں لپٹے تابوت کا وزن صرف ایک جسد کا نہیں بلکہ اس کے ساتھ جڑی بے شمار خوشیوں، امیدوں اور رشتوں کا بھی ہوتا ہے۔ چیئرمین شہدائے وطن میڈیا سیل نے کہا کہ عظیم ماں کی گود میں پلنے والے جوان جب دفاعِ وطن کے مقدس فریضے سے وابستہ ہوتے ہیں تو وہ غازی ہوں یا شہید، ان کا کردار اور قربانیاں صرف وطن اور اہل وطن کے لیے ہوتی ہیں۔ ان کے مطابق پاکستان ایک نظریاتی مملکت ہے جسے دو قومی نظریے سے سند جوازیت حاصل ہے، اسی لیے وطن کے دفاع کو محض عسکری ذمہ داری نہیں بلکہ نظریاتی اور قومی فریضہ سمجھا جاتا ہے۔ نو مئی کے واقعات کے تناظر میں اظہار خیال کرتے ہوئے آغا سفیر حسین کاظمی نے کہا کہ یہ دن محبّ وطن حلقوں کے لیے انتہائی دکھ اور کرب کا باعث ہے، تاہم معرکہ حق بنیان المرصوص قومی خودداری، دفاعی استحکام اور ریاستی وقار کی علامت بھی ہے۔ انہوں نے کہا کہ دشمن قوتیں اور ان کے ہاتھوں دانستہ یا نادانستہ استعمال ہونے والے عناصر چاہے کتنی ہی سازشیں کر لیں، مگر افواج پاکستان، شہدا کے لواحقین اور غازی اپنی دفاعی قوت اور جذبہ ایمانی کے ساتھ ہمیشہ موجود رہیں گے۔ انہوں نے مزید کہا کہ شہدائے وطن میڈیا سیل افواج پاکستان کے ساتھ خون کے رشتے کی بنیاد پر کھڑا ہے، اس لیے ان کا کردار خوشامد، چاپلوسی یا محض قصیدہ گوئی پر مبنی نہیں بلکہ زمینی حقائق اور قومی تقاضوں کے مطابق مخلصانہ انداز میں ادا کیا جا رہا ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ ہائبرڈ وار کے اس دور میں قومی وحدت، نظریاتی استحکام اور دفاعی اداروں کے ساتھ عوامی اعتماد کی مضبوطی ناگزیر ہو چکی ہے۔ آغا سفیر حسین کاظمی نے کہا کہ ان کے نزدیک مسلح افواج پاکستان بطور ادارہ اپنا قومی کردار ادا کر رہی ہیں، اس لیے سولجر، آفیسر، سینئر آفیسر یا جنرل آفیسرز کی تفریق کر کے تعریف و توصیف کرنا مناسب طرزِ عمل نہیں۔ انہوں نے کہا کہ پوری فوج ایک متحد قومی قوت ہے جس کے ہر فرد کی قربانی اور خدمات قابلِ احترام ہیں۔

موضوع: مصنوعی ذہانت اور ہماری ذمہ داری

تحریر: رحمان گنڈاپور
سینئر ریسرچ اینالسٹ ای میل: rehmangandapur@gmail.com

آج کا انسان ایک ایسے فکری، سائنسی اور تہذیبی دور میں داخل ہو چکا ہے جہاں علم، معلومات، رابطہ، تجارت، تعلیم، صحت، تحقیق اور تخلیق ایک چھوٹی سی اسکرین میں سمٹ آئے ہیں۔ تین سال کا بچہ موبائل پر نظم سنتا ہے، طالب علم آن لائن سبق سمجھتا ہے، نوجوان مصنوعی ذہانت کی مدد سے تحقیق، تحریر، خاکہ سازی، کمپیوٹر پروگرام نویسی اور کاروباری منصوبہ بندی کرتا ہے، پیشہ ور افراد اپنی کارکردگی بہتر بناتے ہیں، اور بزرگ بھی صوتی معاون، تصویری رابطے، ڈیجیٹل بینکاری اور آن لائن صحت کی سہولتوں سے فائدہ اٹھاتے ہیں۔ مصنوعی ذہانت اب مستقبل کا خواب نہیں بلکہ ہمارے حال کی زندہ حقیقت ہے؛ یہ زبان سمجھنے، تصویر پہچاننے، اعداد و شمار کا تجزیہ کرنے، ترجمہ کرنے، تحریر بنانے اور فیصلہ سازی میں مدد دینے والی ایک طاقتور علمی و تکنیکی قوت بن چکی ہے۔ تعلیم، صحت اور روزگار کے میدان میں مصنوعی ذہانت کی اہمیت تیزی سے بڑھ رہی ہے۔ یونیسکو کے مطابق تعلیم میں مصنوعی ذہانت تدریس، سیکھنے، جائزہ کاری اور تعلیمی رسائی کو بہتر بنا سکتی ہے، بشرطیکہ اسے انسانی مرکزیت، واضح پالیسی اور اخلاقی اصولوں کے ساتھ استعمال کیا جائے۔ عالمی ادارہ صحت نے صحت کے شعبے میں مصنوعی ذہانت کے لیے شفافیت، انسانی نگرانی، انصاف اور عوامی مفاد کو بنیادی اصول قرار دیا ہے۔ اسی طرح عالمی اقتصادی فورم کی مستقبلِ ملازمت رپورٹ 2025 کے مطابق 2025 سے 2030 تک عالمی روزگار اور مہارتوں میں نمایاں تبدیلی آئے گی، اور آجر توقع کرتے ہیں کہ 2030 تک ملازمتوں میں درکار بنیادی مہارتوں کا 39 فیصد بدل جائے گا۔ اس حقیقت کا واضح مطلب یہ ہے کہ آنے والے دور میں صرف ڈگری کافی نہیں ہوگی؛ مصنوعی ذہانت سے آگاہی، تنقیدی سوچ، تخلیقی صلاحیت، ابلاغی مہارت، ڈیجیٹل اخلاقیات اور مسائل حل کرنے کی صلاحیت بنیادی ضرورت بن جائیں گی۔ نوجوان نسل کے لیے مصنوعی ذہانت ایک غیر معمولی موقع بھی ہے اور ایک سنجیدہ آزمائش بھی۔ آج کا نوجوان کم وسائل کے باوجود تحریر نویسی، کمپیوٹر پروگرام نویسی، گرافک خاکہ سازی، ویڈیو تدوین، اعداد و شمار کا تجزیہ، زبان سیکھنے، تحقیقی مہارتوں، آزاد پیشہ ورانہ کام اور کاروبار سازی میں ترقی کر سکتا ہے۔ مگر خطرہ یہ ہے کہ اگر مصنوعی ذہانت کو سوچنے، مطالعے اور محنت کا متبادل بنا دیا گیا تو نوجوان ذہنی طور پر انحصار پسند، سطحی اور غیر تنقیدی ہو سکتے ہیں۔

مصنوعی ذہانت کو استاد نہیں بلکہ معاون سمجھنا ہوگا؛ اصل استاد انسان کی عقل، مطالعہ، تجربہ، کردار اور فکری دیانت ہے۔ تعلیمی کام مصنوعی ذہانت سے لکھوا کر جمع کروانا علم نہیں، بلکہ موضوع سمجھنا، ذرائع پرکھنا، دلیل بنانا، اپنی سوچ شامل کرنا اور تحریر کو بہتر بنانا اصل علمی عمل ہے۔ آج بچے مصنوعی ذہانت سے تیار کردہ کارٹون، تصویری فلٹرز، کھیل، صوتی آلات اور سفارشی نظاموں کے ذریعے ایسی دنیا میں داخل ہو رہے ہیں جو حقیقی بھی ہے اور مصنوعی بھی۔ اگر کم عمر بچوں کو بغیر نگرانی کے موبائل، ویڈیوز، کھیلوں اور الگورتھمی مواد کے حوالے کر دیا جائے تو ان کی توجہ، زبان، نیند، جذبات، تخیل، سماجی تعلقات اور اخلاقی تشکیل متاثر ہو سکتی ہے۔ اس لیے بچوں کو ٹیکنالوجی سے مکمل دور رکھنا حل نہیں؛ درست راستہ عمر کے مطابق، محفوظ، محدود، تعلیمی اور نگرانی شدہ استعمال ہے۔ حاصلِ تحریر یہ ہے کہ مصنوعی ذہانت نئے دور کی زبان، نئی معیشت کا اوزار اور نئی تعلیم کا اہم وسیلہ ہے۔ پاکستان جیسے ملک کے لیے یہ خطرہ بھی ہے اور موقع بھی: خطرہ اس لیے کہ ہمارا تعلیمی نظام پہلے ہی رٹے، کمزور تحقیق، زبان کی رکاوٹ، ڈیجیٹل فرق اور بے روزگاری جیسے مسائل سے دوچار ہے؛ موقع اس لیے کہ مصنوعی ذہانت کم وسائل رکھنے والے نوجوان کو بھی عالمی معیار کی تعلیم، تحقیق، ہنر اور روزگار تک رسائی دے سکتی ہے۔ ریاست، تعلیمی اداروں، والدین اور نوجوانوں سب کو مل کر مصنوعی ذہانت کو نقل، پروپیگنڈا، وقت گزاری اور مصنوعی شہرت کے بجائے علم، تحقیق، اخلاق، روزگار اور قومی ترقی سے جوڑنا ہوگا۔ مصنوعی ذہانت انسان کو باشعور، بااخلاق، تخلیقی اور مفید شہری بنانے کا ذریعہ بنے تو یہی اس کا اصل کردار، نوجوان نسل کی حقیقی ضرورت اور ہماری اجتماعی ذمہ داری ہے

بقیہ 1 کارروائی
ہلاکت پر پولیس کی کارروائی، پولیس نے بروقت کارروائی کرتے ہوئے متعدد مشکوک افراد کو پولیس تحویل میں لے کر ان سے تفتیش کا آغاز کر دیا ہے قتل کی دفعات 302 کے تحت مقدمہ درج، متعدد افراد سے تفتیش کا آغاز ڈی پی او ایبٹ آباد ہارون رشید خان کی ہدایات پر ایس پی حویلیاں تجمیل الرحمن نے تھانہ پی او ایف کی حدود سلطان پور میں خاتون کی آگ لگنے سے ہلاکت کے افسوسناک واقعے کے جائے وقوعہ کا دورہ کیا اور تحقیقات کا جائزہ لیا۔ایس پی حویلیاں نے گھر کے مختلف حصوں، شواہد اور دیگر متعلقہ امور کا تفصیلی معائنہ کیا جبکہ اہلِ علاقہ، ورثا اور موقع پر موجود افراد سے بھی معلومات حاصل کیں۔ پولیس نے بروقت کارروائی کرتے ہوئے متعدد مشکوک افراد کو پولیس تحویل میں لے کر ان سے تفتیش کا آغاز کر دیا ہے، جبکہ خاتون کے بھائی کی رپورٹ پر دفعہ 302 پی پی سی کے تحت مقدمہ درج کر کے مزید تحقیقات شروع کر دیں

بقیہ 2 مطالبہ
جائے ۔علمائے کرام اسلام و پاکستان کے محافظ ہیں ۔مساجد و مدارس اسلام کے قلعے اور ہماری ریڈ لائن ہیں ۔موجودہ حکمران حکومتی ادارے علمائے کرام کو سیکورٹی دینے میں ناکام نظر آ رہے ہیں ۔جے یو آئی کے زیر اہتمام احتجاجی ریلی سے علمائے کرام کے خطابات ۔تفصیلات کے مطابق گزشتہ روز بعد از نماز جمعہ مانسہرہ مرکزی جامع مسجد، جامع مسجد ناڑی شنکیاری روڈ، وشہر کی دیگر مساجد سے شیخ الحدیث حضرت مولانا مفتی ادریس کی قاتلانہ حملہ میں شہادت سمیت دیگر علمائے کرام کی ٹارگٹ کلنگ کے خلاف احتجاجی ریلیاں مرکزی تحفظ ختم نبوت چوک پہنچیں ۔جہاں بھرپور احتجاجی مظاہرہ کیا گیا ۔اس موقع پر احتجاجی مظاہرہ سے خطاب کرتے ہوئے ضلعی امیر عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت ونائب ضلعی امیر جے یو آئی مولانا مفتی وقار الحق عثمان، تحصیل خطیب ونائب امیر تحصیل جے یو آئی مولانا مفتی حفیظ الرحمان، تحصیل امیر جے یو آئی مولانا قاضی اورنگزیب، ترجمان جے یو آئی مولانا عبید الرحمٰن قریشی، مولانا ندیم مدنی سمیت دیگر علمائے کرام نے شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے مفتی ادریس شہید سمیت علمائے کرام کی ٹارگٹ کلنگ کو حکومت وقت اور سیکورٹی اداروں کی مجرمانہ غفلت قرار دیا ۔انہوں نے کہا کہ ملک خداداد پاکستان کے قیام کے لئے علمائے کرام کی جدوجہد وقربانیاں ریکارڈ پر ہیں ۔آئین پاکستان اس وقت اسمبلی میں موجود جید علمائے کرام کی بدولت مکمل ہوا ۔انہوں نے حکومت وقت اور سیکورٹی اداروں کو انکی ذمہ داریوں کا احساس دلاتے ہوئے شہید مفتی ادریس کے قاتلوں کو فی الفور گرفتار کر کے قرار واقعی سزا دینے سمیت دیگر شہید علمائے کرام کے قاتلوں کی فوری گرفتاری اور سزا سمیت علمائے کرام کی فول پروف سیکورٹی دینے کا مطالبہ کیا

بقیہ 3 مظاہرے
مولانا فضل الرحمن کی کال پر مولانا شیخ محمد ادریس کی شہادت کے خلاف احتجاجی مظاہرہ سیدنا امیر معاویہ چوک میں کیا گیا۔ مظاہرے میں جمعیت علما اسلام کے کارکنان، علما کرام اور مختلف مکاتبِ فکر سے تعلق رکھنے والے افراد کی شرکت کی۔ احتجاجی مظاہرے میں جمعیت علما اسلام تحصیل حویلیاں کے امیر حافظ محمد سعید جدون، نائب امیر تحصیل حویلیاں قاری غلام ربانی جنرل سیکرٹری مفتی حفیظ الرحمٰن، مولانا عبدالوحید قاری حاکم دین اور دیگر مقررین نے اپنے خطابات میں حضرت مولانا شیخ محمد ادریس رحم اللہ علیہ کی شہادت کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے اسے امتِ مسلمہ اور دینی حلقوں کے لیے ایک بڑا سانحہ قرار دیا۔اس موقع پر مقررین نے حکومت سے مطالبہ کیا کہ اس افسوسناک واقعے میں ملوث عناصر کو فوری گرفتار کر کے قرار واقعی سزا دی جائے اور علما کرام کے تحفظ کو یقینی بنایا جائے

بقیہ 4 جمعیت
ڈھوڈیال میں بعداز نماز جمعہ جمعیت علمائے اسلام کے زیر اہتمام احتجاجی ریلی و مظاہرہ، ریلی ارغوشال چوک سے شروع ہو کر المصطفیٰ ہسپتال کے سامنے اختتام پذیر ہوئی اس موقع پر مقامی علمائے کرام مولانا اسرائیل، مولانا سید ظفر شاہ، مولانا زبیر، مولانا عامر فاروق، مولانا محمد نواز، مولانا عبدالباسط مولانا صداقت مشوانی و دیگر نے شرکا سے خطاب کیے ریلی میں جمعیت علمائے اسلام کے عہدیداران کے علاوہ دیگر سیاسی جماعتوں کے کارکنان نے بھی شرکت کی اور مولانا محمد ادریس کے بہیمانہ قتل کی شدید مذمت کی اس موقع پر علمائے کرام نے شرکا سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ اس ملک میں جو بھی محبّ وطن امن، محبت اور بھائی چارے کا درس دے اسکو مار دیا جاتا ھے جبکہ بڑے بڑے بدمعاش، فحاش اور ڈاکو محفوظ ہیں، امن اور محبت کا درس دینے والے غیر محفوظ ہیں اور محبّ وطن علما آئے روز شہید کیے جا رہے ہیں انہوں نے کہا کہ شہید شیخ الحدیث مولانا محمد ادریس کا جرم یہ تھا کہ انہوں نے وطن عزیز کے استحکام اور امن کی بات کی تھی اور اپنے عسکری اداروں کی امن کے لئے جاری کوششوں کی تائید کی تھی اور اداروں کے ساتھ شانہ بشانہ سراہنے کی بات کی اور اسی پاداش میں ملک دشمن عناصر کی طرف سے شہید کر دیئے گئے انہوں نے کہا کہ وزیر اعلی صاحب کا کام تعزیت کرنا نہیں ھے اور جنازوں میں صرف شرکت کرنا نہیں ھے آپ ایک صوبے کے آئینی حکمران ہیں آپ کا کام ملزمان کو پکڑنا اور انکو کیفر کردار تک پہنچانا ھے ہم مطالبہ کرتے ہیں کہ سفاک ملزمان کو فی الفور گرفتار کر کے کیفر کردار تک پہنچایا جائے قبل ازیں انکا کہنا تھا کہ بعض ٹک ٹاکر اور فیس بکی جن کے تعفن سے انکے ماں باپ اور معاشرہ بھی پریشان ہے فیس بک پر بیٹھ کر آئے روز علما کی تذلیل اور بکواسات کرتے ہیں ہم انہیں باور کرواتے ہیں کہ وہ باز آ جائیں اور اپنی بکواسات بند کریں

بقیہ 5 مطالبہ
فوری گرفتاری کا مطالبہ اوگی شیخ الحدیث والقرآن حضرت مولانا محمد ادریس کے بہیمانہ قتل کے خلاف اوگی میں جمعیت علما اسلام تحصیل اوگی کے زیر اہتمام ایک احتجاجی مظاہرہ کیا گیا، جس میں علما کرام، تاجر برادری اور شہریوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ مظاہرین نے قاتلوں کی فوری گرفتاری اور سخت سزا کا مطالبہ کرتے ہوئے شدید نعرے بازی کی احتجاجی مظاہرے سے جمعیت علما اسلام تحصیل اوگی کے امیر قاری صدیق، مولانا حافظ مومن خان عثمانی، مولانا عبیدالرحمٰن حیدری، محمد انور درویش، انور سعید خان، ایوان تجارت اوگی کے نائب صدر عادل خان اور دیگر جید علما کرام نے خطاب کیا۔ مقررین نے اپنے خطابات میں حضرت مولانا محمد ادریس صاحب کی دینی، علمی اور اصلاحی خدمات کو زبردست خراج عقیدت پیش کیا اور ان کے قتل کو امت مسلمہ کے لیے ایک عظیم سانحہ قرار دیا مقررین نے کہا کہ حضرت مولانا محمد ادریس صاحب نے پوری زندگی قرآن و حدیث کی خدمت، دینی تعلیم کے فروغ اور عوام کی اصلاح کے لیے وقف کیے رکھی۔ وہ ایک نہایت مخلص، باعمل اور نڈر عالم دین تھے جن کی خدمات ہمیشہ یاد رکھی جائیں گی علما کرام نے حکومت اور قانون نافذ کرنے والے اداروں سے مطالبہ کیا کہ اس افسوسناک واقعے میں ملوث قاتلوں کو فوری طور پر گرفتار کر کے قرار واقعی سزا دی جائے تاکہ عوام میں پائی جانے والی بے چینی اور غم وغصہ کا خاتمہ ہو سکے۔انہوں نے کہا کہ علما کرام کا تحفظ حکومت کی ذمہ داری ہے اور ایسے واقعات معاشرے میں خوف وہراس پیدا کرتے ہیں مقررین نے مزید کہا کہ اگر قاتلوں کو جلد گرفتار نہ کیا گیا تو احتجاج کا دائرہ مزید وسیع کیا جائے گا۔ انہوں نے حکومت سے مطالبہ کیا کہ ملک بھر میں علما کرام اور دینی شخصیات کے تحفظ کے لیے مؤثر اقدامات کیے جائیں تاکہ مستقبل میں ایسے افسوسناک واقعات کی روک تھام ممکن ہو سکے احتجاجی مظاہرے کے اختتام پر مرحوم حضرت مولانا محمد ادریس صاحب کے درجات کی بلندی، لواحقین کے لیے صبر جمیل اور ملک میں امن وسلامتی کے لیے خصوصی دعا بھی کی گئی۔

بقیہ 6 ریلیاں
کرام کی ٹارگٹ کلنگ کے خلاف احتجاجی ریلیاں نکالی گئیں۔ ریلیوں کے شرکاء نے شیخ الحدیث مولانا مفتی ادریس سمیت دیگر علمائے کرام کے قاتلوں کی فوری گرفتاری اور سخت سزا کا مطالبہ کیا۔ تفصیلات کے مطابق گزشتہ روز نماز جمعہ کے بعد مرکزی جامع مسجد، جامع مسجد ناڑی شنکیاری روڈ اور شہر کی دیگر مساجد سے احتجاجی ریلیاں نکالی گئیں، جو مرکزی تحفظ ختم نبوت چوک پہنچ کر احتجاجی مظاہرے میں تبدیل ہوگئیں مظاہرین نے علمائے کرام کی مسلسل ٹارگٹ کلنگ پر شدید تشویش کا اظہار کرتے ہوئے حکومت اور سیکورٹی اداروں سے مؤثر اقدامات کا مطالبہ کیا۔ احتجاجی مظاہرے سے خطاب کرتے ہوئے ضلعی امیر عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت و نائب ضلعی امیر جے یو آئی مولانا مفتی وقار الحق عثمان، تحصیل خطیب و نائب امیر جے یو آئی مولانا مفتی حفیظ الرحمان، تحصیل امیر جے یو آئی مولانا قاضی اورنگزیب، تحصیل جنرل سیکرٹری جے یو آئی مولانا جاوید رحمانی، ترجمان جے یو آئی مولانا سید ثاقب شاہ اور دیگر مقررین نے کہا کہ علمائے کرام ملک و قوم کے اہم محافظ ہیں جبکہ مساجد و مدارس اسلام کے مضبوط مراکز ہیں۔ مقررین نے کہا کہ ملک میں علمائے کرام کو درپیش خطرات کے پیش نظر حکومت کی جانب سے مؤثر سیکیورٹی اقدامات نہ ہونا تشویشناک ہے۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ شہید مفتی ادریس سمیت دیگر علمائے کرام کے قاتلوں کو جلد از جلد گرفتار کر کے قرار واقعی سزا دی جائے اور تمام علمائے کرام کو فول پروف سیکیورٹی فراہم کی

بقیہ 7 محکمہ صحت
،انکوائری رپورٹ جاری محکمہ صحت میں مبینہ غیر قانونی بھرتیوں کا ایک بڑا معاملہ منظر عام پر آ گیا ہے جہاں ضلع کوہستان لوئر میں سال 2022 کے دوران کی جانے والی تقرریوں کے خلاف ڈائریکٹر جنرل ہیلتھ سروسز کی جانب سے حقائق جاننے کی انکوائری رپورٹ جاری کر دی گئی ہے۔ڈی جی ہیلتھ سروسز کے دفتر سے جاری مراسلہ کے ذریعے ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر کوہستان لوئر کو ہدایات جاری کی گئی ہیں کہ انکوائری رپورٹ پر من وعن فوری عملدر آمد کیا جائے۔ مراسلے میں واضح طور پر کہا گیا ہے کہ سال 2022 میں ہونے والی تمام غیر قانونی تقرریوں میں تعینات افراد کو قانونی طریقہ کار کے مطابق ملازمت سے فارغ کیا جائے ساتھ ہی ان ملازمین کو دی جانے والی سرکاری تنخواہوں کی مکمل واپسی بھی یقینی بنائی جائے تاکہ قومی خزانے کو پہنچنے والے نقصان کا ازالہ ممکن بنایا جا سکے۔محکمہ صحت نے اس مقصد کے لیے ڈسٹرکٹ اکاؤنٹس افسر کوہستان لوئر کی معاونت حاصل کرنے کی بھی ہدایت کی ہے تاکہ تنخواہوں اور مالی فوائد کی مکمل تفصیلات حاصل کر کے ریکوری کا عمل یقینی بنایا جا سکے۔ ذرائع کے مطابق ان بھرتیوں میں قواعد وضوابط کو نظرانداز کرنے، میرٹ کی خلاف ورزی اور مبینہ طور پر سیاسی و با اثر سفارشات کے استعمال کے الزامات بھی سامنے آئے ہیں۔ خدشہ ظاہر کیا جا رہا ہے کہ انکوائری کا دائرہ مزید وسیع کیا جا سکتا ہے اور ذمہ دار افسران کے خلاف بھی کارروائی عمل میں لائی جا سکتی ہے۔ دوسری جانب بعض ملازمین اور مقامی حلقوں میں تشویش پائی جا رہی ہے کہ اگر مکمل شفاف تحقیقات نہ ہوئیں تو بے گناہ افراد بھی متاثر ہو سکتے ہیں۔ قانونی ماہرین کے مطابق اگر ان بھرتیوں میں واقعی قواعد وضوابط کی خلاف ورزی ثابت ہو جاتی ہے تو نہ صرف ملازمین کی برطرفی بلکہ متعلقہ افسران کے خلاف محکمانہ اور قانونی کارروائی بھی عمل میں لائی جا سکتی ہے۔

بقیہ 8 شرکت
زیب ولد جان زیب فرض کی ادائیگی کے دوران شہادت کے عظیم مرتبے پر فائز ہوگئے۔۔شہید کی نماز جنازہ آج بروز جمعتہ المبارک 08 مئی 2026 رات 9 بجے کھوئی ناڑا میں ادا کی گئی۔اس موقع پر پاک آرمی کے دستے نے توپوں کے ساتھ سلامی پیش کی اور شہید کی قبر پر پھولوں کا گل دستہ پیش کیا، نماز جنازہ میں آرمی کے علاوہ علاقہ بھر کے سینکڑوں عوامی سماجی شخصیات نے شرکت کی

بقیہ 9 ڈیم
اور کیالہ ڈیم میں نہاتے ہوئے ڈوب گیا بچے کا نام عبداللہ بتایا جاتا ہے ابھی میٹرک کا امتحان دیا ہے مقامی لوگوں کے مطابق بہت افسوس کے ساتھ پونے گھنٹے میں مقامی لوگوں نے بہت کوشش کی لیکن اس کے بعد ہنگامی اطلاع پر وی سی چیئرمین بانڈی عطائی خان شیر بہادر خان موقع پر آئے اور بچے کی نعش کو نکالا تقریبا ایک ڈیڑھ گھنٹہ بعد ریسکیو حویلیاں کی ٹیم موقع پر پہنچی اور ریسکیو کی گاڑی میں میت ان کے آبائی گاؤں ہرناڑ کو روانہ کی

بقیہ 10 مشکلات
اضافہ ریکارڈ کیا گیا ہے، جس سے عام شہری اور کم آمدن طبقہ شدید متاثر ہونے لگا۔ مارکیٹ ذرائع کے مطابق گزشتہ ایک ہفتے کے دوران 20 کلو آٹے کے تھیلے کی قیمت 2200 روپے سے بڑھ کر 2400 روپے تک جا پہنچی ہے، جبکہ روزمرہ استعمال کی اشیا پہلے ہی مہنگائی کی لپیٹ میں ہیں۔ شہریوں نے حکومت سے فوری اقدامات کا مطالبہ کیا ہے۔ دوسری جانب خیبر پختونخوا حکومت نے گندم بحران پر قابو پانے کے لیے 2 لاکھ 25 ہزار میٹرک ٹن گندم خریدنے کی منظوری دے دی ہے، جس کے لیے فنڈز بھی جاری کر دیے گئے ہیں۔ صوبائی حکومت نے وفاقی حکومت اور پنجاب حکومت کو خطوط ارسال کرتے ہوئے گندم کی بین الصوبائی ترسیل پر عائد پابندی کو غیر آئینی قرار دیا ہے اور مطالبہ کیا ہے کہ پنجاب سے گندم اور آٹے کی ترسیل پر عائد پابندی فوری طور پر ختم کی جائے تاکہ صوبے میں آٹے کی قیمتوں کو کنٹرول کیا جا سکے۔ شہری حلقوں کا کہنا ہے کہ اگر صورتحال پر بروقت قابو نہ پایا گیا تو مہنگائی میں مزید اضافہ عوام کے لیے مشکلات بڑھا دے گا۔

بقیہ 11 عیادت
کی عیادت کے لیے ڈی ایچ کیو ہسپتال ایبٹ آباد کا دورہ کیا۔اس موقع پر وائس چیئرمین چوہدری عبیداللہ اور سیکرٹری ارمغان عباسی بھی ان کے ہمراہ موجود تھے اس موقع پر انہوں نے متاثرہ بچے کے اہل خانہ سے ملاقات کی اور ان کے ساتھ گہری ہمدردی اور یکجہتی کا اظہار کیا۔شہباز چوہدری نے کہا کہ سٹوڈنٹ امپاورمنٹ الائنس ہر طالبعلم کے ساتھ کھڑی ہے، اور بچوں پر تشدد یا زیادتی جیسے واقعات کسی صورت قابل برداشت نہیں۔انہوں نے متعلقہ حکام سے مطالبہ کیا کہ واقعے کی شفاف اور غیر جانبدارانہ تحقیقات کی جائیں اور ذمہ دار عناصر کو قانون کے کٹہرے میں لایا جائے، جبکہ متاثرہ خاندان کو فوری انصاف فراہم کیا جائے۔ انہوں نے یقین دہانی کرائی کہ ایس ای اے (SEA) متاثرہ طالبعلم کو ہر ممکن قانونی اور اخلاقی معاونت فراہم کرے گی۔ہسپتال انتظامیہ کے مطابق متاثرہ بچے کا علاج جاری ہے اور اس کی حالت خطرے سے باہر بتائی جا رہی ہے۔

بقیہ 12 دورہ
لائن ہری پور کا دورہ کیا، پولیس کنٹرول روم اور سیکیورٹی انتظامات کا تفصیلی جائزہ لیا۔ڈی پی او ہری پور نے وائرلیس کنٹرول روم کا بھی دورہ کیا اور دورانِ ڈیوٹی بہترین کارکردگی، فوری رسپانس اور ذمہ داری کا مظاہرہ کرنے پر وائرلیس آپریٹر حق نواز کو نقد کیش ایوارڈ سے نوازا۔انہوں نے کہا کہ محکمہ پولیس میں فرض شناسی، بروقت کارروائی اور بہترین کمیونیکیشن جرائم کی روک تھام میں اہم کردار ادا کرتے ہیں۔

بقیہ 13 زخمی
دوران رضوان سجاد کو مبینہ طور پر چھریوں کے پے در پے وار کر کے شدید زخمی کر دیا گیا۔ واقعہ کے بعد علاقے میں خوف و ہراس پھیل گیا جبکہ زخمی کو فوری طور پر ابتدائی طبی امداد کے بعد ٹراما سنٹر منتقل کر دیا گیا جہاں اسے طبی سہولیات فراہم کی جا رہی ہیں۔ ذرائع کے مطابق واقعہ گھریلو ناچاقی کا شاخسانہ بتایا جا رہا ہے، جبکہ پولیس نے اطلاع ملنے پر موقع پر پہنچ کر واقعہ کی تحقیقات شروع کر دی ہیں۔

بقیہ 14 شدت
گھریلو تنازعہ شدت اختیار کر گیا، جہاں سوتیلے بہن بھائیوں کے درمیان ہونے والے جھگڑے کے دوران رضوان سجاد کو مبینہ طور پر چھریوں کے پے در پے وار کر کے شدید زخمی کر دیا گیا۔ واقعہ کے بعد علاقے میں خوف و ہراس پھیل گیا جبکہ زخمی کو فوری طور پر ابتدائی طبی امداد کے بعد ٹراما سنٹر منتقل کر دیا گیا جہاں اسے طبی سہولیات فراہم کی جا رہی ہیں۔ ذرائع کے مطابق واقعہ گھریلو ناچاقی کا شاخسانہ بتایا جا رہا ہے، جبکہ پولیس نے اطلاع ملنے پر موقع پر پہنچ کر واقعہ کی تحقیقات شروع کر دی ہیں۔

بقیہ 15 دعائیہ تقریب
انجینئرنگ کونسل کے ہیڈکوارٹرز میں ایک دعائیہ تقریب منعقد کی گئی، جس میں ریکٹر نیوٹیک لیفٹیننٹ جنرل (ر) معظم اعجاز، رجسٹرار پی ای سی انجینئر خادم حسین بھٹی، کنسٹرکٹرز ایسوسی ایشن آف پاکستان اور انجینئرنگ کمیونٹی کے نمائندوں، پی ای سی کے مختلف شعبوں کے سربراہان اور عملے کے ارکان نے شرکت کی۔تقریب کے دوران چیئرمین پی ای سی اور ان کے غمزدہ خاندان سے دل کی گہرائیوں سے تعزیت اور ہمدردی کا اظہار کیا گیا۔ مرحومہ کی روح کے ایصال ثواب کیلئے دعا کی گئی تمام شرکاء نے انجینئر وسیم نذیر اور ان کے خاندان کے ساتھ اپنے مکمل تعاون اور یکجہتی کا اظہار کیا۔

بقیہ 16 حقائق
کل کرڈالا خودکشی کی تاحال کوئی وجہ سامنے نہیں آسکی پولیس نے قانونی کارروائی شروع ہوتے ہی مختلف زاویوں سے کیس کی چھان بین شروع کردی ہے اصل حقائق پوسٹ مارٹم رپورٹ کے بعد ہی سامنے آئیں گے خودکشی کیوں کی اسکی وجہ بھی تاحال معلوم نہیں ہوسکی

بقیہ 17 امکان
جانے کا قوی امکان ہے، تاہم حتمی فیصلہ مرکزی رویت ہلال کمیٹی کرے گی۔ ماہرین کے مطابق نئے چاند کی پیدائش 16 اور 17 مئی کی درمیانی شب 1 بج کر 15 منٹ پر ہوگی۔ 17 مئی کی شام تک چاند کی عمر 18 گھنٹے سے زیادہ ہو جائے گی، جو رویت کے لیے موزوں سمجھی جاتی ہے۔اگر موسم صاف رہا تو ذوالحج کا چاند نظر آنے کا امکان ہے، جس کے نتیجے میں 18 مئی کو یکم ذی الحجہ اور 27 مئی کو عیدالاضحیٰ ہوگی۔ ماہرین نے بتایا کہ 17 مئی کو غروب آفتاب اور چاند کے غروب ہونے کے درمیان کراچی میں تقریباً 55 منٹ جبکہ پشاور میں 63 منٹ کا فرق ہوگا، جس سے چاند نظر آنے کے امکانات مزید بڑھ جاتے ہیں۔ دوسری جانب رویت ہلال ریسرچ کونسل نے بھی اپنی سائنسی رپورٹ میں 27 مئی کو عیدالاضحیٰ ہونے کے قوی امکانات ظاہر کیے ہیں۔ رپورٹ کے مطابق اگر موسم صاف رہا تو پاکستان کے بیشتر علاقوں میں چاند ننگی آنکھ سے دیکھا جا سکے گا۔

بقیہ 18 مطالبہ
حلقے کے بنیادی مسئلے بے روزگاری کو ترجیحی بنیادوں پر حل کرنے کا مطالبہ کیا۔ انہوں نے وزیر اعلی سے اپیل کی کہ نوجوانوں کو روزگار کی فراہمی کے لیے عملی اقدامات کیے جائیں تاکہ علاقے کے عوام کو معاشی مشکلات سے نجات مل سکے۔ سلیم عمران سواتی نے کہا کہ نیو بالاکوٹ سٹی کے قریب انڈسٹریل زون کے قیام کے لیے جگہ کی نشاندہی کر دی گئی ہے جو چاروں صوبائی حلقوں کے عوام کے لیے نہایت فائدہ مند ثابت ہوگا۔ انہوں نے بتایا کہ اس منصوبے کی بیشتر منظوری مکمل ہوچکی ہے اور اب یہ آخری مرحلے میں داخل ہو چکا ہے، جہاں صرف حتمی منظوری کا انتظار ہے۔ انہوں نے امید ظاہر کی کہ انڈسٹریل زون کے قیام سے نہ صرف مقامی سطح پر روزگار کے نئے مواقع پیدا ہوں گے بلکہ علاقے کی معاشی ترقی میں بھی نمایاں بہتری آئے گی۔

بقیہ 19 فضاء
تاب نہ لاتے ہوئے جان کی بازی ہار گیا۔ مرحوم کاشف، عمران اور کامران کا بھائی تھا۔ واقعے کے بعد علاقے میں فضا سوگوار ہوگئی جبکہ اہل خانہ پر غم کے بادل چھا گئے۔ پولیس نے واقعے کی تحقیقات شروع کر دی ہے

بقیہ 20 پروٹوکول
محکمے کے اہلکار مہنگی ترین گاڑیوں، پروٹوکول، لاکھوں کی تنخواہوں اور مفت مراعات کے ساتھ بجائے عوامی خدمت کے قومی خزانے پر بوجھ بنے ہوئے ہیں۔ انہوں نے ایک سوال پر کہا کہ عوامی خدمت کے لیئے بنائے گئے سرکاری محکموں کے چند لوگوں کو قومی خزانے سے بادشاہ سلامت بنانے کی بجائے، سول سروس، بیوروکریٹ اور سیاستدانوں کی مفت مراعات، لاکھوں کی تنخواہیں اور پروٹوکول کے خرچے آدھے کر کے ملک کے لاکھوں نوجوانوں کو روزگار کے مواقع فراہم کیئے جاسکتے ہیں۔

بقیہ 21 اخلاقیات
اخلاقیات کے دائرے میں رہتے ہوئے شہریوں کے ساتھ بہتر رویہ اپنانے اور دیانتداری سے اپنی مزدوری کرنے کی بھی ہدایت دی گئی۔ ڈرائیور نے آئندہ ایسی حرکت نہ کرنے کی یقین دہانی کرائی۔ واضح رہے کہ یہ معاملہ روزنامہ شمال ایبٹ آباد اور سوشل میڈیا (فیس بک) پر سامنے آنے کے بعد فوری نوٹس میں لایا گیا، جس پر بروقت کارروائی کرتے ہوئے قانون کی عملداری کو یقینی بنایا گیا۔

بقیہ 22 علامت
، بلکہ شعور کی علامت ہے جو لوگ سوشل میڈیا پر عمائدین علاقہ امن فورم جرگہ اور دیگر معززین علاقہ، سفید ریش بزرگوں کے خلاف پوسٹیں اور کمنٹس کر رہے ہیں انھیں اپنے گھروں کے بزرگوں کو سامنے رکھ کر پوسٹ اور کمنٹس کرنے چاہئیں کیا انکے بزرگ والدین برادری اس طرح کے مخلوط میوزیکل پروگرام کے حق میں ہیں یا وہ اسطرح کے نوجوان بچیوں بچوں کے پروگرام کرنے کی اجازت دیتے ہیں

بقیہ 23 واردات
سوکہ تلوکر گاؤں کو جانے والی رابطہ سڑک پر کریم نامی شخص کو لوٹنے کی غرض آگے بڑھے مگر نوجوان کریم صحت مند تھے جس کی وجہ سے یہ گروہ واردات نہ کر سکا ایس ایچ او رضوان خان نے تھانہ کی حدود سے درجنوں وارداتوں کو بے نقاب کر کے ملزمان کو گرفتار کیا عوامی حلقوں نے مطالبہ کیا ہے کہ اس گروہ کو فوری بے نقاب کر کے انہیں گرفتار کیا جائے تاکہ علاقہ میں عوام سکھ کا سانس لے سکے

بقیہ 24 ضلع تنول
دوران ایک گہری سازش تیار کی گئی تھی جس پر صدر آل پاکستان تنولی اتحاد کیپی کے شہزاد رشید اور ساجد ریاض خان تنولی آف پڑھنہ کو اس سازش کا جب علم ہوا کہ ضلع تنول کے بجائے ضلع اگرور تنول کا اعلان کروایا جا رہا ھے جس پر فوری ایکشن لیا اور ضلع اگرور تنول کے اعلان کو روکنے میں کامیاب ہوگئے جس پر پوری تنولی قوم اپنے ان عظیم سپوتوں کو خراج تحسین پیش کرتے ھیں اور اب اہل تنول یہ امید کرتے ھیں کہ ضلع تنول کا قیام اب یقینی ہوگیا ھے سازشی بیتقاب ہوگئے جس پر آل پاکستان تنولی اتحاد مرکزی صدر لالا شعیب خان تنولی نے بھی اپنا سخت موقف دیتے ہوئے اپنے ردعمل کا اظہار کیا ھے اور آل پاکستان تنولی اتحاد کے عکابرین سرچوڑ بیٹھیں اور قیادت چیف آف تنولی سابق ایم این اے نوابزادہ صلاح الدین سعید خان تنولی کریں گے حاجی ابرار حسین تنولی سلیم خان تنولی اور آل پاکستان تنولی اتحاد کی پوری کابینہ نے رابطوں کا سلسلہ شروع کر دیا ھے جس کی زمہداری اے پی ٹی اے کے پی کے کے صدر شہزاد رشید تنولی نے اٹھائی ھے اور انہوں نے آل پاکستان تنولی اتحاد کے قائدین سے رابطوں شروع کر دیئے ھیں یہاں ایک وضاحت بھی ضروری ھے شہزاد رشید خان تنولی کے بروقت اقدام نے بہت دوغلوں کے پیٹ میں مروڑ بھی ڈال دیئے ھیں لیکن شہزاد رشید خان تنولی اپنا مشن جاری رکھا ھوا ھے آئندہ چندروز میں قوم ان شاءاللہ ضلع تنول کے قیام کی خوشخبری سننے گی

بقیہ 25 ماہرین
طریقے سے مکمل کیا جائے گا۔ ماہرین کے مطابق اس اقدام سے نہ صرف شہریوں کو سہولت ملے گی بلکہ پاسپورٹ دفاتر پر دباؤ بھی کم ہوگا۔

بقیہ 26 احکامات
میں نماز جمعہ کے بڑے اجتماع سے خصوصی خطاب کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ تقوی دراصل اللہ تعالی کا خوف دل میں بسانے اور اس کے احکامات کے مطابق اپنی زندگی گزارنے کا نام ہے۔ جو شخص تقوی اختیار کرتا ہے، اللہ تعالی اس کے لیے مشکلات میں آسانیاں پیدا فرماتا ہے اور اسے ہر قسم کی تنگی اور پریشانی سے نجات عطا کرتا ہے۔ مولانا ابوبکر صدیق حنیف نے کہا کہ آزمائشوں اور مشکلات میں مایوس ہونا انسانی فطرت کا حصہ ہے، مگر ایک مومن کا اصل امتحان یہی ہوتا ہے کہ وہ ایسے حالات میں بھی صبر، استقامت اور اللہ پر کامل بھروسہ قائم رکھے۔ انہوں نے زور دیا کہ ہمیں اپنی زندگیوں کو تعلیماتِ اسلام کے مطابق ڈھالنا ہوگا اور احکاماتِ خداوندی کے ساتھ ساتھ حضور نبی کریم ﷺ کی سنتِ مبارکہ کی مکمل پیروی کرنی ہوگی۔ انہوں نے مزید کہا کہ حقیقی کامیابی دنیاوی ترقی میں نہیں بلکہ آخرت کی کامیابی میں ہے۔ اگر ہم اللہ کا تقوی اختیار کریں، دیانتداری اور انصاف کو فروغ دیں اور اپنے معاشرتی و معاشی معاملات کو اسلامی اصولوں کے مطابق استوار کریں تو نہ صرف انفرادی بلکہ اجتماعی سطح پر بھی بہتری ممکن ہے۔ انہوں نے کہا کہ موجودہ حالات میں ملکی استحکام اور ترقی کے لیے ضروری ہے کہ ہر فرد اپنے دائرہ کار میں رہتے ہوئے ذمہ داری کا مظاہرہ کرے، دیانتداری کو اپنائے اور دینِ اسلام کے سنہری اصولوں کے مطابق اپنی زندگی گزارے۔ یہی وہ راستہ ہے جو ہمیں کامیابی، سکون اور اللہ کی رضا کی طرف لے جاتا ہے۔

بقیہ 27 ملاقات
کی۔ ملاقات کے دوران ہسپتال میں مریضوں کو فراہم کی جانے والی طبی سہولیات اور درپیش مسائل پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ دورے کے موقع پر بزرگ صحافی خواجہ اعجاز، مسعود شوق ممتاز، مولانا امجد سعید قریشی، ڈاکٹر نذیر علوی اور لیاقت راحت بھی موجود تھے۔

بقیہ 28 قبضہ
میری مالکانہ زمین پر قبضہ کرنا چاہتے ہیں اور قبرستان کے لیے کھدائی کر رہے جبکہ اس جگہ کا عدالت نے شاہین بی بی بنام عبدالرشید عنوان کے نام سے سٹے بھی دے رکھا ہے اور حکم امتناعی بھی جاری شدہ ہے جو تھانہ بیڑ کو بجھوایا ہوا ہے متاثرہ شہری نے مزید بتایا کہ مزکورہ ملزمان کے خلاف پولیس کارروائی نہیں کر رہی ہے اور الٹا پولیس کو میرے خلاف درخواستیں دیکر مجھے حراساں کرنے کی کوشش کر رہے ہیں یہ اراضی سالوں سال سے میرے قبضہ میں ہے مگر کچھ لوگ اس اراضی پر قبضہ کی غرض سے کھدائی کر کے قبضہ کرنے کی کوشش کر رہے ہیں متاثرہ شہری نے کہا کہ ڈی پی او ہری پور فوری نوٹس لیں اور مجھے انصاف دلوانے میں اپنا کردار ادا کریں

بقیہ 29 ماحول
کو صاف ماحول کی فراہمی، اور مہم کو مزید مؤثر بنانے کے مختلف پہلوؤں پر تفصیلی گفتگو کی گئی۔ اجلاس کے دوران اسسٹنٹ ڈائریکٹر سینئر لوکل گورنمنٹ ہری پور راشد اسلم نے اسسٹنٹ کمشنر ہری پور کو ضلع بھر میں جاری صفائی سرگرمیوں، فیلڈ مانیٹرنگ، اور کارکردگی کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی۔ اس موقع پر صفائی کے نظام کو مزید بہتر بنانے اور عوامی سہولیات میں اضافے کے لیے مختلف تجاویز بھی زیر غور آئیں۔ میٹنگ میں سپروائزر لوکل گورنمنٹ، ATOR ٹی ایم اے ہری پور بھی موجود تھے۔ بعدازاں توانائی بچت مہم کے حوالے سے مختلف مارکیٹس کی انسپکشن کی اور خلاف ورزی کی صورت میں 3 دکانوں کو سیل کیا۔ علاوہ ازیں مجموعی طور پر صورت حال تسلی بخش پائی گئی۔

بقیہ 30 امدادی رقم
حطار کے متاثرین کے لیے وفاقی حکومت کی جانب سے امدادی رقم کے چیک تقسیم کر دیے گئے۔ چیک تقسیم کرنے کی تقریب ڈپٹی کمشنر آفس ہری پور میں منعقد ہوئی، جہاں مرکزی رہنما پاکستان مسلم لیگ (ن) کیپٹن محمد صفدر اعوان اور رکن قومی اسمبلی NA-18 ہری پور بابر نواز خان نے متاثرین میں چیک تقسیم کیے۔ وفاقی حکومت کی جانب سے سانحہ میں جاں بحق افراد کے لواحقین کو فی کس 20 لاکھ روپے جبکہ زخمیوں کو 5 لاکھ روپے کے چیک دیے گئے۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیپٹن محمد صفدر اعوان اور بابر نواز خان نے کہا کہ وزیر اعظم پاکستان میاں محمد شہباز شریف کی قیادت میں وفاقی حکومت نے سانحہ حطار کے متاثرین کو تنہا نہیں چھوڑا۔ ان کا کہنا تھا کہ حادثے کی رات سے ہی حکومت متاثرین کے ساتھ کھڑی ہے اور آئندہ بھی متاثرہ خاندانوں کی ہر ممکن مدد جاری رکھی جائے گی، جس میں بچوں کی تعلیم سمیت دیگر ضروریات شامل ہیں۔ رکن قومی اسمبلی بابر نواز خان نے امدادی رقم میں اضافے پر وزیر اعظم کا خصوصی شکریہ بھی ادا کیا۔ تقریب میں سابق صوبائی وزیر قاضی محمد اسد خان، سابق تحصیل چیئرمین سمیع اللہ خان، رکن صوبائی اسمبلی شازیہ خان جدون، صدر مسلم لیگ (ن) صاحبزادہ حامد شاہ، جنرل سیکرٹری قاضی سعید ایڈوکیٹ، تحصیل صدر سردار حفیظ احمد، جنرل سیکرٹری سفیر احمد خان، نیشنل ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی کے افسران، پارٹی عہدیداران، یوتھ ونگ، ویمن ونگ، صحافی برادری، سول سوسائٹی اور معززین کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ تقریب کے اختتام پر شرکا نے سانحہ حطار کے شہدا کے ایصال ثواب اور ملک وقوم کی سلامتی کے لیے دعا بھی کی۔

بقیہ 31 حکام
ڈھوڈیال فیڈر کے لوگوں کے ساتھ سرا سر زیادتی ھے اس حود ساختہ اور غیر اعلانیہ لوڈ شیڈنگ پر قابو نہ پایا گیا اس ڈگری ھم کسی کے لولی پاپ دینے پر اعتبار نہیں کریں گے ھم ہر سطح پر راست اقدام اٹھائیں گے جس کی تن تر زمہ دار واپڈا اور چیف واپڈا پر ہوگی اس سے قبل ھمیں واپڈا کی جگہ یا جب اس رڈی ایس پی تسلی دیتے رہے ھم نے امن و مان برقرار رکھنے کے لئے ان کے کہنے پر احتجاج ملتوی کیا مگر آج کا حراج اس بات کا اعلامیہ ھے کہ ھم چیچ آف واپڈا سر دیگر متعلقہ حکام بالا کو باور کر رھے ھیں کہ اس حود ساختہ اور غیر اعلانیہ لوڈ شیڈنگ کو بند کیا جائے ھمارا اگلا اقدام کے نتائج کی زمہ داری متعلقہ حکام پر ہوگی

بقیہ 32 مراکز
سیزن کے دوران عوام کو فراہم کی جانے والی طبی سہولیات اور بنیادی مراکزِ صحت (BHUs) کی اپ گریڈیشن سمیت مختلف ترقیاتی منصوبوں پر پیش رفت سے آگاہ کیا گیا۔ اس موقع پر وزیر اعلی خیبر پختونخوا نے محکمہ صحت مانسہرہ کی کارکردگی اور جاری اقدامات کو سراہتے ہوئے کہا کہ عوام کو بہتر طبی سہولیات کی فراہمی حکومت کی اولین ترجیح ہے۔ انہوں نے محکمہ صحت کی ٹیم کو اپنے دفتر کی جانب سے ہر ممکن تعاون کی یقین دہانی بھی کروائی۔ ڈی ایچ او ڈاکٹر فیصل خانزادہ نے کہا کہ یہ پیش رفت وزیر صحت، سیکرٹری صحت، اور محکمہ صحت کی پوری ٹیم کی مخلصانہ قیادت اور مشترکہ کاوشوں کا نتیجہ ہے۔ جس کا مقصد عوام کو معیاری اور بروقت طبی سہولیات فراہم کرنا ہے۔

بقیہ 33 ریسکیو
نتیجے میں موٹر سائیکل سوار فرمان اور سلیم سکنہ مہمند ایجنسی زخمی ہوگئے۔ ریسکیو 1122 ہری پور کی میڈیکل ٹیم نے 22 (خانپور) اسٹیشن سے موقع پر پہنچ کر زخمیوں کو ابتدائی طبی امداد فراہم کرتے ہوئے ٹائپ ڈی ہسپتال خانپور منتقل کر دیا۔

بقیہ 34 بے حیائی
لیے ایڑی چوٹی کا زور لگا کر ناچ گانے کی محفل سجائی جاتی ہے جس میں ہمارے ٹیکسوں کی رقم بے حیائی پھیلانے میں مصروف عمل ہیں علما کرام نے کہا پاکستان کلمہ کی بنیاد پر بنا ہے اور انشاءاللہ اسی بنیاد پر یہ ملک تاقیامت تک رہے گا لیکن کچھ عناصر غیروں کے ایجنڈے کو آگے بڑھانے میں مصروف عمل ہیں اللہ کی لاٹھی بڑی بے آواز ہے کسی نہ کسی صورت میں اس ذات نے ایسے باغی لوگوں کی گرفت میں ضرور آنا ہے جن لوگوں نے جرگہ عمائدین معززین علاقہ منتخب نمائندوں سمیت ہر ایک کو رد کر کے اس بیحیائی کو فروغ دینے میں کردار ادا کیا اللہ انکی ضرور پکڑ کرے گا

بقیہ 35 پٹرول
گھریلو بجٹ تباہ کر کے رکھ دیا ہے جبکہ پٹرول کی قیمتوں میں اضافے سے ٹرانسپورٹ سمیت ہر شعبہ متاثر ہو رہا ہے۔ عوامی حلقوں کے مطابق مہنگائی کی وجہ سے کاروباری سرگرمیاں بھی متاثر ہو رہی ہیں اور عام آدمی کی قوت خرید ختم ہوتی جا رہی ہے۔ ہری پور کے مختلف علاقوں میں شہریوں نے موجودہ صورتحال پر شدید ردعمل کا اظہار کرتے ہوئے وفاقی حکومت، خصوصاً مسلم لیگ (ن) کی پالیسیوں کو تنقید کا نشانہ بنایا۔ شہریوں کا کہنا تھا کہ حکومت مہنگائی پر قابو پانے میں ناکام ہو چکی ہے جبکہ عوام کو کسی قسم کا ریلیف فراہم نہیں کیا جا رہا۔ عوامی و سماجی حلقوں نے مطالبہ کیا ہے کہ اشیائے خورد و نوش، بجلی، گیس اور پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں فوری کمی کر کے عوام کو ریلیف دیا جائے تاکہ غریب طبقہ سکھ کا سانس لے سکے۔

بقیہ 36 قدر
ڈالر ضائع کرنے کے بعد روپے کی قدر میں کمی کی۔ ان کا کہنا تھا کہ جب میں قائد حزب اختلاف تھا تو بجٹ 2025 کی فنانس کمیٹی میٹنگز میں میں نے وزیر خزانہ، ان کی ٹیم اور اسٹیٹ بینک آف پاکستان کے حکام سے سوال کیا تھا کہ کیا وہ روپے کو مستحکم رکھنے کے لیے ڈالر خرید رہے ہیں؟ لیکن انہوں نے اس کی تردید کی۔ جبکہ پاکستان تحریک انصاف بار بار حکومت کی اس ناقص پالیسی کی نشاندہی کرتی رہی، مگر پاکستان مسلم لیگ نون کی حکومت مسلسل انکار کرتی رہی اور عوام سے جھوٹ بولتی رہی۔ عمر ایوب کا مزید یہ کہنا تھا کہ گزشتہ روز فنانس کمیٹی میں اسٹیٹ بینک آف پاکستان کے گورنر نے حقیقت آشکار کر دی اور اعتراف کیا کہ پاکستان مسلم لیگ نون کی حکومت نے 2023 سے اب تک ذخائر بڑھانے اور روپے کو مستحکم رکھنے کے لیے اوپن مارکیٹ سے 27 ارب ڈالر خریدے ہیں۔ یہ حکومت کی اس ناکامی کا واضح اعتراف ہے کہ وہ برآمدات بڑھانے میں ناکام رہی ہے۔ جبکہ گزشتہ 4 برسوں میں حکومت نے بنیادی طور پر مالی خسارہ پورا کرنے اور روپے کو سہارا دینے کے لیے مقامی مارکیٹ سے مزید 37 کھرب روپے (تقریبا 133 ارب ڈالر) قرض لیا ہے۔ چار سال پہلے مقامی قرضہ 44 کھرب روپے تھا جبکہ اب یہ بڑھ کر 81 کھرب روپے ہو چکا ہے۔ مقامی مارکیٹ سے لیے گئے اضافی 37 کھرب روپے میں سے 7.5 کھرب روپے کو 27 ارب ڈالر کے مساوی رقم میں تبدیل کیا گیا اور روپے کو مصنوعی سہارا دینے کی ناکام کوشش میں یہ 27 ارب ڈالر عملا جلا دیے گئے۔ ڈالر خریدنے کے لیے استعمال کیے گئے 7.5 کھرب روپے، گزشتہ 4 سال میں لیے گئے اضافی 37 کھرب روپے کے مقامی قرضے کا 20.3 فیصد بنتے ہیں۔ یہ تمام حقائق اس بات کا ثبوت ہیں کہ حکومت وقتی ہتھکنڈوں کا سہارا لے رہی ہے اور آمدنی میں کمی، بڑھتے ہوئے کرنٹ اکاؤنٹ خسارے، روپے پر دباؤ اور بڑھتے ہوئے مالی خسارے کو پورا کرنے کے لیے مقامی مارکیٹ سے بڑے پیمانے پر قرض لے رہی ہے۔ یہ سب وفاقی حکومت کے خلاف چارج شیٹ ہے

بقیہ 37 گفتگو
خیال کیا گیا۔ پروفیسر ڈاکٹر عابد فرید نے معیاری تعلیم، تحقیقی سرگرمیوں کے فروغ اور تعلیمی کارکردگی کو مزید بہتر بنانے کی اہمیت پر زور دیتے ہوئے کہا کہ یونیورسٹی کے معیار کو بلند کرنے کے لیے مشترکہ کوششیں ناگزیر ہیں۔ اس موقع پر فیکلٹی ممبران نے بھی اپنی آرا پیش کیں اور تدریسی نظام، تحقیق اور شعبہ جاتی ترقی کو مزید مؤثر بنانے کے حوالے سے مختلف تجاویز پر گفتگو کی گئی۔

بقیہ 38 گرفتار
گرفتار کر لیا۔ کارروائی ڈی پی او ہری پور شفیع اللہ گنڈا پور کی خصوصی ہدایات پر عمل میں لائی گئی۔ پولیس نے ملزم کے قبضے سے 30 بور پستول معہ ایمونیشن بھی برآمد کر لیا جبکہ ملزم کے خلاف مقدمہ درج کر کے مزید تفتیش شروع کر دی گئی ہے۔ ڈی پی او ہری پور شفیع اللہ گنڈا پور نے کہا ہے کہ سوشل میڈیا پر اسلحے کی نمائش، ہوائی فائرنگ اور قانون شکنی کسی صورت برداشت نہیں کی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ ایسے عناصر کے خلاف بلا تفریق قانونی کارروائیاں جاری ہیں تاکہ عوام میں خوف و ہراس پھیلانے والوں کی حوصلہ شکنی کی جا سکے۔

بقیہ 39 دستاویزات
کے مالکان کی جانب سے مطلوبہ قانونی دستاویزات پیش نہ کی جاسکیں۔ مزید برآں متعدد ڈمپنگ سائٹس سرکاری وعوامی اراضی پر ناجائز تجاوزات قائم کیے ہوئے تھیں، جس پر فوری کارروائی عمل میں لائی گئی آپریشن کے دوران مجموعی طور پر 9 غیر قانونی ڈمپنگ پوائنٹس کو سیل کر دیا گیا جبکہ 2 افراد کو گرفتار کر لیا گیا۔ اس کے علاوہ متعلقہ اراضی پر قائم تجاوزات کو بھی موقع پر ختم کروا دیا گیا۔ اسسٹنٹ کمشنر غازی جنید آفتاب نے واضح کیا کہ عوامی اراضی پر قبضہ، غیر قانونی مائننگ اور بغیر اجازت ڈمپنگ کسی صورت برداشت نہیں کی جائے گی۔ قانون کی خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف بلا امتیاز کارروائیاں آئندہ بھی جاری رہیں گی تاکہ سرکاری اراضی کا تحفظ اور عوامی مفاد کو یقینی بنایا جا سکے۔

بقیہ 40 صورتحال
علاقے میں صورتحال کا جائزہ لیا جا رہا ہے۔ مقامی افراد میں واقعے کے بعد خوف و ہراس پایا جاتا ہے جبکہ شہریوں نے متعلقہ حکام سے حفاظتی اقدامات بڑھانے کا مطالبہ کیا ہے۔

بقیہ 41 مطالبہ
پر ایف آئی آر درج کر کے انصاف فراہم کرنے کی درخواست جمع کرا دی ہے یہما نسہرہ میں LTV ڈرائیونگ لائسنس سے متعلق ایک اہم معاملہ اس وقت سنگین تنازع کی صورت اختیار کر گیا جب سال 2018 میں جاری ہونے والا ایک ڈرائیونگ لائسنس، جو مسلسل پانچ سال تک سرکاری ریکارڈ، ہسٹری شیٹ اور ڈیجیٹل ویریفکیشن سسٹم میں باقاعدہ طور پر Active، درست اور قابلِ قبول حیثیت میں تسلیم کیا جاتا رہا، اچانک پہلے 2023 میں تجدید (Renewal) سے محروم کر دیا گیا اور بعد ازاں 2026 میں HTV اپگریڈیشن کے مرحلے پر محکمہ ٹرانسپورٹ کے ماتحت ڈرائیونگ لائسنس برانچ مانسہرہ کی جانب سے اسے مسترد کر دیا گیا۔ اس غیر متوقع پیش رفت نے نہ صرف متاثرہ شہری کو شدید انتظامی و پیشہ ورانہ مشکلات سے دوچار کیا بلکہ ادارہ جاتی شفافیت، ڈیجیٹل ویریفکیشن سسٹم اور سرکاری ریکارڈ کی ساکھ پر بھی سنگین سوالات کھڑے کر دیے ہیں۔ متاثرہ شہری کے مطابق وہ گزشتہ کئی برسوں سے اپنے لائسنس کی تجدید اور HTV اپگریڈیشن کے لیے مختلف دفاتر کے چکر لگا رہا تھا، تاہم ہر مرحلے پر اسے متضاد مؤقف اور انتظامی رکاوٹوں کا سامنا کرنا پڑا۔ بالآخر اس مسلسل تاخیر اور غیر یقینی صورتحال سے تنگ آ کر اس نے اسسٹنٹ ڈائریکٹر اینٹی کرپشن اسٹیبلشمنٹ مانسہرہ کو باضابطہ درخواست جمع کرا دی، جس میں ذمہ داران کے خلاف کارروائی اور مکمل ریکارڈ کی جانچ پڑتال کا مطالبہ کیا گیا ہے

بقیہ 42 شرکت
دنیا کی بہترین اور مضبوط افواج میں شمار ہوتی ہیں، جو ہر قسم کے خطرات اور دشمن کے عزائم کا بھرپور جواب دینے کی مکمل صلاحیت رکھتی ہیں۔ مقررین کا کہنا تھا کہ فیلڈ مارشل کی مؤثر حکمت عملی اور کامیاب پالیسیوں کے باعث آج عالمی سطح پر پاکستان کا وقار بلند ہوا ہے، جبکہ بیرونِ ملک مقیم پاکستانیوں کو بھی عزت واحترام کی نگاہ سے دیکھا جاتا ہے اور پاکستانی پاسپورٹ کی اہمیت میں اضافہ ہوا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اوورسیز پاکستانی ہمیشہ اپنے وطن اور افواج پاکستان کے ساتھ کھڑے رہے ہیں اور ملکی دفاع کے لیے ہر ممکن کردار ادا کرتے رہیں گے۔ تقریب میں پاکستان ویلفیئر ایسوسی ایشن کے چیئرمین بشیر خان سواتی، صدر پرویز قریشی، جنرل سیکرٹری راجہ محمد بشیر، نائب صدر حاجی محمد اسحاق، ہزارہ وال اوورسیز پاکستانیز فورم کے چیئرمین چوہدری دلپذیر، جنرل سیکرٹری محمد اقبال، پاک میڈیا جرنلسٹس فورم انٹرنیشنل کے چیئرمین چوہدری نورالحسن گجر، ڈاکٹر مظہر حسین، ریاض خان سواتی، عدنان خان، احمد نذیر اور دیگر شخصیات نے شرکت کی۔

بقیہ 43 احتجاج
حکومت کے شانہ بشانہ احتجاج کرنے پر مجبور ہوں گے۔ پروفیسر عبدالحمید آفریدی نے 6 مئی کی ہڑتال کی مکمل حمایت کا اعادہ کرتے ہوئے کہا کہ اگیگا اور کوارڈینیشن کونسل کے خیبر پختونخوا کی صوبائی حکومت کے ساتھ مختلف مسائل پر بات چیت جاری ہے اور امید ہے کہ سرکاری ملازمین کے مسائل جلد حل کیے جائیں گے، تاکہ 12 مئی کو اعلان کردہ سرکاری دفاتر، ہسپتالوں اور تعلیمی اداروں کی تالا بند احتجاج کی نوبت نہ آئے۔ انہوں نے خبردار کیا کہ اگر صوبائی حکومت نے اگیگا اور کوآرڈینیشن کونسل کے مطالبات تسلیم نہ کیے تو 12 مئی کو صوبہ بھر میں سرکاری دفاتر، ہسپتالوں اور تعلیمی اداروں میں مکمل تالا بند ہڑتال کی جائے گی۔ اجلاس میں چیئرمین اگیگا پاکستان حیدر علی خان استانیزے، بابائے اگیگا سمیع اللہ خلیل، عزیز اللہ خان، ممتاز علی خان، نوید گل ہزار خوانی اور آصف خان آفریدی نے خصوصی طور پر شرکت کی۔ اجلاس سے مقررین نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ خیبر پختونخوا کی صوبائی حکومت سرکاری ملازمین کے مسائل میں دلچسپی لیتے ہوئے ان کے تمام جائز مطالبات حل کرے۔ اجلاس کے اختتام پر اس امید کا اظہار کیا گیا کہ صوبائی حکومت سنجیدگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے اگیگا اور کوآرڈینیشن کونسل کے نمائندوں سے مذاکرات کرے گی اور مسائل کا قابل قبول حل نکالا جائے گا۔

بقیہ 44 طلب
کرتے ہوئے کہا کہ ایسے نوجوانوں کے والدین کو متعلقہ تھانوں میں طلب کیا جائے تاکہ انہیں احساس دلایا جاسکے کہ ان کے بچے ان کا قیمتی اثاثہ اور پاکستان کا روشن مستقبل ہیں۔ پولیس حکام کے مطابق شہریوں کے جان و مال کے تحفظ اور امن و امان کی فضا برقرار رکھنے کے لیے تمام ممکنہ اقدامات اٹھائے جا رہے ہیں۔

بقیہ 45 آپریشن
خطاب کرتے ہوئے کہا کہ آپریشن بنیان المرصوص نے ملک دشمن عناصر کے عزائم خاک میں ملائے اور دہشت گردی کے خاتمے میں اہم کردار ادا کیا۔ انہوں نے کہا کہ پاک فوج نے ہمیشہ قوم کی امیدوں پر پورا اترتے ہوئے ملک کے دفاع کو ناقابل تسخیر بنایا۔ مسلم لیگ (ن) کے مقامی رہنماں اور سول سوسائٹی نمائندگان نے اس موقع پر افواج پاکستان کے ساتھ مکمل یکجہتی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ پوری قوم اپنی بہادر افواج کے شانہ بشانہ کھڑی ہے۔ شرکا نے قومی پرچم اٹھا رکھے تھے جبکہ پاک فوج کے حق میں بینرز اور پلے کارڈز بھی آویزاں کیے گئے تھے۔

بقیہ 46 بریفنگ
اضافے پر شدید تنقید کی گئی بریفنگ میں بتایا گیا کہ 2024 میں نگران حکومت کے دور میں دواوں کی قیمتوں کو ڈی ریگولیٹ کیا گیا جب سے کمپنیاں قیمتوں کا تعین خود کرتی ہیں، 2 سال کے دوران مختلف دواوں کی قیمتوں میں 100 فیصد تک اضافہ کیا گیا ہے۔ حکام نے بتایا کہ قانون کے مطابق ڈریپ صرف زندگی بچانے والی دواوں کی قیمتوں کو ریگولیٹ کر سکتی ہے جبکہ وفاقی وزیر صحت مصطفی کمال نے کہا کہ دواوں کی قیمتوں کی کمی یا اضافے میں وزارت صحت کا کوئی کردار نہیں۔ کمیٹی نے ڈریپ سربراہ سے دواوں کی قیمتوں کے تعین کا فارمولہ طیکر نے کے ساتھ ساتھ ادارہ شماریات حکام کو بھی آئندہ اجلاس میں طلب کر لیا۔ سینٹ کام کمیٹی نے کہا کہ اس سے پتا چلتا ہے پاکستان میں فارماسیوٹیکل کے کاروبار سے زیادہ منافع بخش کوئی کاروبار نہیں، یہ کسی صورت قابل قبول نہیں کہ فارماسیوٹیکل کمپنیوں کو کھلی چھٹی دے دی جائے، اس قانون پر نظر ثانی کی ضرورت ہے۔ ڈریپ کے سربراہ ڈاکٹر عبیداللہ نے قائمہ کمیٹی کو بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ پاکستان میں 659 دوا ساز کمپنیاں ہیں، 394 ادارے بیرون ملک سے دوائیں اور ویکسین درآمد کرتے ہیں۔ پاکستانی ادویہ 51 ملکوں کو برآمد ہو رہی ہیں جب کہ گزشتہ سال پاکستان کی فارماسیوٹیکل انڈسٹری کی سیل ایک کھرب 32 کروڑ روپے ہے

بقیہ 47 پاک فوج
آیت سے رکھا اور نسوانی آپریشن سیندور کو عبرت کا نشان بنا دیا۔ اور کہا کہ پوری قوم اپنی بہادر افواج کے ساتھ کھڑی ہے۔ انھوں نے کہا کہ آپریشن بنیان المرصوص نماز فجر کے وقت شروع کیا گیا تھا اور یہ اس بات کا ثبوت ہے کہ پاکستان کی فوج ایمان تقوی اور جہاد فی سبیل اللہ کا ماٹو رکھنے والی فوج ہے۔ قومی علماء ومشائخ کونسل کے اراکین مولنا قاری حنیف جالندھری، علامہ عارف واحدی، مولنا علی محمد ابوتراب، مفتی ضمیر ساجد، ڈاکٹر ظفر اقبال جلالی، مفتی عبدالسلام، مولنا خطیب مصطفائی، مولنا ابوبکر حنیف، مفتی فیروز الدین ہزاروی، مولنا ابوبکر صابری، کوآرڈینیٹر قاری محبوب الرحمٰن سمیت علما کرام نے اپنے اپنے مقامات پر خطبات جمعہ میں افواج پاکستان کو شاندار الفاظ میں خراج تحسین پیش کیا۔ علما کرام نے کہا کہ جنرل عاصم منیر کی قیادت میں افواج پاکستان نے تاریخ رقم کی۔ اور دنیا کو دکھا دیا کہ جو قوم جذبہ ایمانی رکھتی ہو اس کو کوئی شکست نہیں دے سکتا۔

بقیہ 48 یونیورسٹی
کے مطابق یونیورسٹی آف ہری پور نے انٹر یونیورسٹی باسکٹ بال چیمپئن شپ (زون سی) میں شاندار کامیابی حاصل کرتے ہوئے زونل چیمپئن کا اعزاز اپنے نام کر لیا، یہ مقابلے پاک آسٹریا یونیورسٹی میں منعقد ہوئے جہاں یونیورسٹی آف ہری پور کی باسکٹ بال ٹیم نے پورے ٹورنامنٹ کے دوران غیر معمولی کارکردگی کا مظاہرہ کیا، سیمی فائنل مرحلے میں ہری پور کی ٹیم نے ہزارہ یونیورسٹی مانسہرہ کو شکست دے کر فائنل تک رسائی حاصل کی جبکہ فائنل میچ میں ایک سنسنی خیز اور کانٹے دار مقابلے کے بعد یونیورسٹی آف ہری پور نے میزبان ٹیم پاک آسٹریا یونیورسٹی کو ہرا کر زون سی چیمپئن شپ کا ٹائٹل اپنے نام کر لیا، اس تاریخی کامیابی کو ٹیم کی بہترین ڈسپلن، شاندار ہم آہنگی اور اعلی مقابلہ جاتی صلاحیتوں کا مظہر قرار دیا جا رہا ہے اور کھیلوں کے حلقوں میں اس فتح کو یونیورسٹی آف ہری پور کے لیے ایک اہم سنگ میل قرار دیا جا رہا ہے جو بین الجامعاتی کھیلوں میں ادارے کی بڑھتی ہوئی کامیابیوں کا واضح ثبوت ہے۔

بقیہ 49 تعزیت
شخصیات کی جانب سے اظہار تعزیت کا سلسلہ جاری۔ راہنما تحریک انصاف یوسف ایوب خان، ترک ویلفیئر فاؤنڈیشن کے چیئرمین لیاقت خان ترک، ضلعی صدر راجہ احتشام، اعظم خان ترین، ملک لیاقت حیات، انجینئر نقاش خان، ابرار طارق صراف اور دیگر معززین نے حنیف اختر سے ملاقات کی۔ تمام رہنماں نے مرحومہ کے ایصالِ ثواب کے لیے فاتحہ خوانی کی اور مغفرت و درجات کی بلندی کے لیے دعا کی۔ اللہ تعالی مرحومہ کو جنت الفردوس میں اعلی مقام عطا فرمائے اور لواحقین کو صبر جمیل دے۔ آمین

بقیہ 50 اضافہ
ملازمین کو آئندہ بجٹ میں تنخواہوں، پینشن اور الانسز میں 100 فیصد اضافہ کیا جائے ٹیکس پر سابقہ دی گئی چھوٹ کو بحال کیا جائے اور ظالمانہ پینشن اصلاحات کو واپس لیا جائے۔ پشاور یونیورسٹی کے مالی بحران کے خاتمے کے لیے فی الفور ہنگامی بنیادوں پر فنڈز کا اجرا کیا جائے اور دیگر صوبوں کی طرز پر خیبر پختونخوا میں ایچ ای سی کا قیام عمل میں لایا جائے تاکہ جامعات کے مالی بحران کا مستقل حل نکل سکے اور معماران قوم سمیت دیگر ملازمین کو سڑکوں پر احتجاج سے چھٹکارا مل سکے تعلیمی اداروں کی اٹ سورسنگ کو مسترد کرتے ہیں اس فیصلے کو واپس لیا جائے اور اداروں کو تمام بنیادی تعلیمی سہولیات سے اراستہ کرتے ہوئے انہیں بحال کیا جائے۔ تعلیمی بورڈز کی طرف سیفقاف امتحانات کے انعقاد وانتظامات کی حمایت کرتے ہیں تاہم طلبہ وطالبات میں سنسنی اور خوف و ہراس کی کیفیت سے بچاکے لیے انسپیکشن اور مانیٹرنگ ٹیموں کو ہدایات جاری کی جائیں نیز شواہد کی بنیاد پر بوٹی مافیا اور کرپٹ عناصر کے خلاف کارروائی کی جائے۔ تمام امتحانی مراکز میں یکساں چیک اینڈ بیلنس کو رواج دیا جائے۔ ضلعی انتظامیہ پاکٹ، خلاصوں اور گائیڈوں کی مارکیٹ میں فروخت پر نظر رکھے اور مرتکب عناصر کے خلاف کریک ڈاؤن کیا جائے۔

بقیہ 51 سہولت
رخ نہیں کرنا پڑے گا۔ اس موقع پر غزن خان نے اپنے خطاب میں کہا کہ الخدمت فاؤنڈیشن صوبہ ہزارہ میں صحت کے شعبے کی بہتری کے لیے متعدد منصوبوں پر کام کر رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ جدید طبی آلات کی فراہمی کا مقصد عوام کو کم خرچ اور معیاری علاج مہیا کرنا ہے۔ تقریب سے الخدمت فاؤنڈیشن ہزارہ کے رہنما کامران ریاض اعوان نے بھی خطاب کیا اور کہا کہ الخدمت فاؤنڈیشن عوامی خدمت کے مشن کو مزید مؤثر بنانے کے لیے جدید سہولیات فراہم کر رہی ہے تاکہ غریب اور مستحق افراد کو بہتر طبی خدمات میسر آ سکیں۔ اس موقع پر الخدمت فاؤنڈیشن کے ضلعی صدر سید علی احمد شاہ نے کہا کہ یونس خٹک میموریل ہسپتال میں نئی الٹرا ساؤنڈ مشین کی تنصیب سے مریضوں کو بروقت اور درست تشخیص کی سہولت حاصل ہوگی، جس سے علاج کے معیار میں بہتری آئے گی۔ جبکہ رہنما ڈاکٹر شعیب ہاشمی نے ہسپتال میں فراہم کی جانے والی طبی سہولیات پر بریفنگ دیتے ہوئے کہا کہ ہسپتال میں جدید طبی آلات کی فراہمی کا سلسلہ جاری ہے اور عوام کو بہترین طبی سہولیات فراہم کرنے کے لیے تمام وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں۔ تقریب کے اختتام پر شرکا نے ہسپتال کے مختلف شعبوں کا دورہ کیا اور نئی نصب کی گئی الٹرا ساؤنڈ مشین کا معائنہ بھی کیا۔ عوامی حلقوں نے الخدمت فاؤنڈیشن کی اس کاوش کو سراہتے ہوئے اسے علاقے کے لیے ایک اہم طبی سہولت قرار دیا۔

بقیہ 52 انتقال
وسماجی رہنما ماسٹر شاد محمد مختصر علالت کے بعد انتقال کر گئے ان کی نماز جنازہ گاں گیڈر پور افضل آباد میں ادا کی گئی جس میں علاقہ بھر سے کثیر تعداد میں سیاسی وسماجی شخصیات اساتذہ کرام بلدیاتی ممبران نے بڑی تعداد میں شرکت کی بعد میں مرحوم کو آبائی قبرستان میں سپرد خاک کیا گیا

بقیہ 53 ورکشاپ
، گزشتہ روز وومن میڈیکل اینڈ ڈینٹل کالج (WMDC) کے ڈی ایم ای کانفرنس روم میں "موثر او ایس سی ای اسٹیشنز کی ڈیزائننگ" کے عنوان سے ایک اہم اور معلوماتی ورکشاپ کا انعقاد کیا گیا۔ جو کہ یہ سیشن صبح دس بجے سے دوپہر ایک بجے تک جاری رہا۔ ورکشاپ کی قیادت معروف ماہر تعلیم ڈاکٹر عثمان محبوب نے کی، جو کہ میڈیکل ایجوکیشن کے شعبے میں نمایاں مقام رکھتے ہیں اور خیبر میڈیکل یونیورسٹی پشاور کے انسٹیٹیوٹ آف ہیلتھ پروفیشنز ایجوکیشن اینڈ ریسرچ سے وابستہ ہیں۔ ورکشاپ کو انتہائی معلوماتی، متاثرکن اور مفید قرار دیا گیا۔ اس موقع پر ڈائریکٹر اکیڈمک اینڈ ہسپتال افیئرز ڈاکٹر قاضی عدنان بشیر اور پرنسپل وومن ڈینٹل کالج پروفیسر ڈاکٹر شاہد خان نے بھی شرکت کی اور سیشن کو سراہا۔ تقریب کے اختتام پر شرکا میں اسناد تقسیم کی گئیں جبکہ ڈاکٹر عثمان محبوب کو ان کی خدمات کے اعتراف میں ڈاکٹر قاضی عدنان بشیر کی جانب سے یادگاری شیلڈ بھی پیش کی گئی۔

بقیہ 55 مسلم لیگ ن
قیمتی سرمایہ ہیں اور ان کی بدولت آج ملک میں امن واستحکام قائم ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان مسلم لیگ (ن) ملکی سلامتی، قومی یکجہتی اور مضبوط دفاع پر مکمل یقین رکھتی ہے اور افواج پاکستان کی خدمات کو قدر کی نگاہ سے دیکھتی ہے۔

بقیہ 56 داخلہ مہم
سے میٹرک اور انٹرمیڈیٹ کے داخلوں میں نمایاں کارکردگی دکھائی، اور وائس پرنسپل فواد احمد صوبائی حکومت کے ٹاسک کو خوش اسلوبی سے پورا کیا ان خیالات کا اظہار انہوں نے داخلہ مہم میں واک کے دوران کیا انہوں نے کہا صوبائی حکومت کی جانب سے صوبہ کے تمام اضلاع کے ایجوکیشن سیکٹر پرائمری، مڈل، ہائی، ہائر سیکنڈری سکولوں کی انتظامیہ کو ٹاسک دیا گیا کہ وہ ناخواندگی کے خاتمے کے لیے زیادہ سے زیادہ داخلے کریں تاکہ بچے ورکشاپوں، ہوٹلوں، مزدوروں کے ساتھ کام کرنے کی بجائے تعلیم حاصل کر کے ایک اچھا شہری بن سکے اور بہتر طریقہ سے اپنے خاندان کی کفالت کر سکیں اکبر ایوب خان نے کہا کہ مجھے خوشی ہوئی کہ ہری پور کے نمبرون سکول کے وائس پرنسپل کی کاوشوں سے سب سے زیادہ بچوں کو داخلہ ملا

بقیہ 57 حلف برداری
کی حلف برداری بھی کی گئی۔ اجلاس میں ضلع ایبٹ آباد کی چاروں تحصیلوں سے لیز ہولڈرز کی نمائندگی موجود تھی۔ اجلاس میں لیز ہولڈرز کو درپیش مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کرنے کے لیئے مشاورت کی گئی متفقہ طور پر فیصلہ کیا گیا کہ تمام لیز ہولڈرز کو درپیش مسائل کو ڈپٹی کمشنر، کمشنر ہزارہ اور صوبائی سطح تک حل کروانے کی جدوجہد کو تیز کیا جائے گا محکمہ معدنیات سے گرانٹ شدہ لیزوں پر ناجائز پابندیوں، گرانٹ شدہ بارود لائسنسوں کی تجدید میں مشکلات سمیت اہم مسائل حل کروائے جائیں گے جائز مطالبات کے حصول کے لیئے ہر فورم پر آواز بلند کی جائے گی بصورت دیگر تمام لیز ہولڈرز کی جملہ لیبر سمیت احتجاجی دھرنے دیئے جائیں گے۔ اجلاس میں نومنتخب کابینہ کو مبارکباد پیش کی گئی نومنتخب کابینہ نے اس امر کا اظہار کیا کہ تمام لیز ہولڈرز کے مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کیا جائے گا اجلاس میں ایبٹ آباد کی معروف سیاسی وسماجی شخصیت امجد شاہ زمان خان، محمد جاوید جدون، حاجی زرگل خان، چوہدری محابت، نعمان خان سمیت اہم شخصیات نے شرکت کی اور نومنتخب کابینہ پر بھرپور اعتماد کا اظہار کیا

بقیہ 58 اتحاد
نے امت مسلمہ کے اتحاد کے لئے اجتماعی دعا کی۔

بقیہ 59 پروازیں
پروازیں کرتے ہوئے اپنی آپریشنل تیاریوں اور پیشہ ورانہ مہارت کا مظاہرہ کر رہے ہیں۔ انتظامیہ اور پاک فضائیہ کی جانب سے شہریوں کو مطلع کیا گیا ہے کہ یہ تمام فضائی سرگرمیاں طے شدہ تربیتی مشقوں اور ریہرسل کا حصہ ہیں، عوام کو طیاروں کی آوازوں یا نیچی پروازوں سے پریشان ہونے یا خوفزدہ ہونے کی ضرورت نہیں ہے۔ واضح رہے کہ معرکہ حق گزشتہ برس مئی 2025 میں سرحدوں پر ہونے والی کشیدگی کے دوران پاکستان کے اس دفاعی ردعمل کو کہا جاتا ہے، جس میں فضائیہ نے دشمن کی جارحیت کا بھرپور جواب دیتے ہوئے ملکی دفاع کو ناقابل تسخیر ثابت کیا تھا۔

بقیہ 60 انعقاد
کا انعقاد اور شہریوں کو میرٹ پر لائسنس کی فراہمی کو یقینی بنانا تھا۔ ایس پی ٹریفک نے اپنی نگرانی میں آن لائن ای ٹیسٹ اور فزیکل ڈرائیونگ ٹیسٹ کا انعقاد کروایا۔ دونوں مراحل میں کامیاب ہونے والے امیدواروں کو ڈرائیونگ لائسنس پرمٹ جاری کیے گئے۔ ایس پی ٹریفک جہانزیب خان کا کہنا تھا کہ ڈرائیونگ لائسنس صرف ایک دستاویز نہیں بلکہ محفوظ ڈرائیونگ کی ذمہ داری کا عہد ہے۔ بغیر لائسنس ڈرائیونگ نہ صرف قانونی جرم ہے بلکہ انسانی جانوں کے لیے بھی خطرہ بن سکتی ہے۔ شہری ٹریفک قوانین کی پابندی کریں، دورانِ ڈرائیونگ احتیاط کو یقینی بنائیں۔

مانسہرہ، امیر ضلع جمیل احمد جہانگیری الخدمت یونس خٹک میموریل ہسپتال میں الٹرا ساؤنڈ مشین کا افتتاح کر رہے ہیں

افواج پاکستان نے پوری دنیا میں پاکستانی عوام کا سر فخر سے بلند کیا

پوری قوم افواج پاکستان کو خراج تحسین پیش کرتی ہے، بشیر خان سواتی حال جدہ

مانسہرہ (نیوز رپورٹر) افواج پاکستان نے پوری دنیا میں پاکستانی عوام کا سر فخر سے بلند کیا ہے جس پر پوری قوم افواج پاکستان کو خراج تحسین پیش کرتی ہے بشیر خان سواتی، جدہ میں معرکہ حق کی کامیابی کا ایک سال مکمل، افواج پاکستان کو خراج تحسین، پاک فوج نے ہوری دینا میں پاکستان کا سر فخر سے بلند کیا ہے، بشیر خان سواتی۔ تفصیلات کے مطابق جدہ میں آپریشن بیان المرصوص اور معرکہ حق کی کامیابی کا ایک سال مکمل ہونے پر پاکستان ویلفیئر ایسوسی ایشن کے زیر اہتمام ایک پروقار تقریب کا انعقاد کیا گیا جس میں افواج پاکستان کو زبردست خراج تحسین پیش کیا گیا۔ تقریب میں پاکستان ویلفیئر ایسوسی ایشن، ہزارہ وال اوورسیز پاکستانیز فورم کے عہدیداران اور اوورسیز پاکستانیوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ شرکا نے معرکہ حق کی کامیابی کا کیک کاٹا اور پاک فوج کے حق میں نعرے لگائے۔ اس موقع پر مقررین نے کہا کہ افواج پاکستان (بقیہ صفحہ 3 نمبر 42)

حنیف اختر کی والدہ کے انتقال پر تعزیتوں کا سلسلہ جاری

ہری پور (بیورو رپورٹ) صدر پریس کلب ہری پور حنیف اختر کی والدہ کے انتقال پر سیاسی و سماجی (بقیہ صفحہ 3 نمبر 49)

یونیورسٹی آف ہری پور نے باسکٹ بال چیمپئن شپ جیت لی

ہری پور (نمائندہ خصوصی) یونیورسٹی آف ہری پور نے انٹر یونیورسٹی باسکٹ بال چیمپئن شپ جیت لی۔ تفصیلات (بقیہ صفحہ 3 نمبر 48)

تنظیم اساتذہ پاکستان خیبر پختونخوا کی مجلس عاملہ کا آن لائن اجلاس

ممبران کی بھرپور شرکت، اجلاس میں اتفاق رائے سے درج ذیل قراردادیں منظور کی گئیں

ہری پور (بیورو رپورٹ) تنظیم اساتذہ پاکستان خیبر پختونخوا کی مجلس عاملہ کا آن لائن اجلاس زیر صدارت ڈاکٹر عامر عتیق صدیقی منعقد ہوا جس میں سیکرٹری صوبہ ڈاکٹر محمد عثمان سمیت دیگر ممبران شریک ہوئے۔ اجلاس میں اتفاق رائے سے درج ذیل قراردادیں منظور کی گئیں جن میں صوباء حکومت سے مطالبہ کیا گیا ہے کہ: صوبہ خیبر پختون خواہ میں یکساں نظام تعلیم کے نعرہ کو عملی جامہ پہناتے ہوئے پرائیویٹ اور سرکاری تعلیمی اداروں میں سمسٹر سسٹم کا یکسان نفاذ کیا جائے۔ نیز سمر اور ونٹر زون کے دورانیہ کے فرق کو ختم کر کے سمر زون کے طلبہ و طالبات کے تعلیمی نقصان کے خدشات کا ازالہ کیا جائے۔ اگر گلہ خیبر پختون خواہ کے زیر اہتمام 12 مئی کو صوبہ بھر کے پریس کلبز کے سامنے پرامن احتجاج کی حمایت کرتے ہیں اور حکومت سے مطالبہ کرتے ہیں کہ سرکاری (بقیہ صفحہ 3 نمبر 50)

مانسہرہ، قلندر آباد حسینیہ پل کے قریب نامعلوم کارسواریوں کے ہاتھوں نقدی سے محروم ہونیوالا ساجد نامی شخص تفصیلات بتاتے ہوئے

وفاقی وزیر مذہبی امور سردار محمد یوسف کی اپیل پر ملک بھر میں یوم تشکر

معرکہ حق کے ایک سال مکمل ہونے اور آپریشن بنیان المرصوص کی کامیابی پر افواج پاکستان کو خراج تحسین

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وفاقی وزیر مذہبی امور سردار محمد یوسف کی اپیل پر معرکہ حق کے ایک سال مکمل ہونے اور آپریشن بنیان المرصوص کی کامیابی پر ملک بھر میں یوم تشکر منایا گیا۔ یوم تشکر منانے کا فیصلہ قومی علما و مشائخ کونسل کے اجلاس میں کیا گیا تھا۔ ملک بھر میں علما کرام مشائخ عظام نے خطبات جمعہ میں افواج پاکستان کے جرات مند اور جری جوانوں کو زبردست خراج تحسین پیش کیا۔ وفاقی وزیر مذہبی امور سردار محمد یوسف نے کہا وزیراعظم پاکستان شہباز شریف، سپہ سالار سید عاصم منیر کو افواج پاکستان کو اس موقع پر مبارک باد دی اور کہا کہ ہماری افواج نے جذبہ ایمانی کی طاقت پر اپنے سے دس گنا طاقت کو شکست دی اور اس کا غرور خاک میں ملا دیا۔ انھوں نے کہا کہ سپریم سالار خود بھی حافظ قرآن ہیں اور انھوں نے اس آپریشن کا نام بھی قرآن کی (بقیہ صفحہ 3 نمبر 47)

مانسہرہ جدہ میں مقیم اوورسیز پاکستانی معرکہ حق کی کامیابی کا سال مکمل ہونے اور افواج پاکستان کو خراج تحسین پیش کرنے کے حوالے سے منعقدہ تقریب میں چیئرمین پاکستان ایسوسی ایشن جدہ بشیر خان سواتی و دیگر کیک کاٹ رہے ہیں

طلائی زیورات کا نیلام

U Bank microfinance

مندرجہ ذیل نادہندہ/قانونی ورثاء بار بار یاد دہانی کے باوجود اپنے زیورات چھڑوانے میں ناکام رہے ہیں۔ بذریعہ اشتہار ان کو مطلع کیا جاتا ہے کہ اپنے زیورات بینک سے اشاعت اشتہار کے 10 یوم کے اندر اندر چھڑوالیں بصورت دیگر رہن رکھے گئے زیورات مورخہ 19 مئی 2026ء کو نیلام کر دیے جائیں گے۔ مقررہ مدت کے بعد کوئی عذر قبول نہیں کیا جائیگا۔ نیلامی کا وقت صبح 11 بجے ہوگا۔

نام اور ولدیت	پتہ	نیلامی کی جگہ
حماد خان جدون ولد شیر افضل خان	ڈھکی گیا بکوتر ڈاکخانہ بکوترا ایبٹ آباد	ایبٹ آباد برانچ

منجانب: یو مائیکرو فنانس بینک لمیٹڈ

ہیڈ آفس: پی ٹی سی ایل بلڈنگ، ایوان صنعت وتجارت روڈ، G-8/4، اسلام آباد

051-111-282-265

حویلیاں، ابوالحسن مفتی سید ابرار حسین شاہ گیلانی جامع مسجد قادریہ غوثیہ لیاں شریف میں عوامی اجتماع سے خطاب کر رہے ہیں

الخدمت یونس خٹک میموریل ہسپتال میں افتتاحی تقریب کا انعقاد

جدید الٹرا ساؤنڈ مشین کا افتتاح امیر ضلع جمیل احمد جہانگیری و دیگر نے کیا

مانسہرہ (نیوز رپورٹر) الخدمت یونس خٹک میموریل ہسپتال میں جدید الٹرا ساؤنڈ مشین کا افتتاح کر دیا گیا، افتتاح امیر ضلع جمیل احمد جہانگیری و دیگر نے کیا، تفصیلات کے مطابق الخدمت فاؤنڈیشن ضلع مانسہرہ کے زیر اہتمام مانسہرہ میں قائم یونس خٹک میموریل ہسپتال میں جدید الٹرا ساؤنڈ مشین کا باقاعدہ افتتاح کر دیا گیا۔ افتتاحی تقریب میں سماجی، فلاحی اور طبی شعبوں سے تعلق رکھنے والی اہم شخصیات نے شرکت کی اور ہسپتال میں فراہم کی جانے والی طبی سہولیات کو عوام کے لیے خوش آئند قرار دیا تقریب سے خطاب کرتے ہوئے امیر ضلع جمیل احمد جہانگیری نے کہا کہ الخدمت فاؤنڈیشن دکھی انسانیت کی خدمت کے جذبے کے تحت صحت، تعلیم اور فلاحی منصوبوں پر مسلسل کام کر رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ جدید الٹرا ساؤنڈ مشین کی تنصیب سے مانسہرہ اور گردونواح کے عوام کو معیاری تشخیصی سہولیات مقامی سطح پر میسر آئیں گی جس سے مریضوں کو بڑے شہروں کا (بقیہ صفحہ 3 نمبر 51)

ماسٹر شاد محمد مختصر علالت کے بعد انتقال کر گئے

خواجگان (جنرل رپورٹر) ویلج کونسل افضل آباد کے یوتھ کونسلر آبرار احمد کے والد سابق ہیڈ ٹیچر اور عوامی (بقیہ صفحہ 3 نمبر 52)

ڈبلیو ایم ڈی سی میں او ایس سی ای اسٹیشنز کی ڈیزائننگ پر ورکشاپ

ایبٹ آباد (سٹاف رپورٹر) ڈبلیو ایم ڈی سی میں موٹر اوایس سی ای اسٹیشنز کی ڈیزائننگ پر ورکشاپ کا انعقاد (بقیہ صفحہ 3 نمبر 53)

آل گورنمنٹ ایمپلائز گرینڈ الائنس نے ہڑتال کی حمایت کر دی

6 مئی کو شروع ہونے والی قلم چھوڑ اور تالا بند ہڑتال فیصلہ اجلاس کے دوران کیا گیا

خواجگان (جنرل رپورٹر) آل گورنمنٹ ایمپلائز گرینڈ الائنس خیبر پختونخوا نے صوبائی حکومت کی جانب سے 6 مئی کو شروع ہونے والی قلم چھوڑ اور تالا بند ہڑتال کی مکمل حمایت کا اعلان کر دیا ہے۔ یہ فیصلہ پشاور میں اکیگا اجلاس کے دوران کیا گیا، جس میں ضلع پشاور کے لیے اگیگا کی نئی قیادت بھی منتخب کی گئی۔ اجلاس میں سجاد اللہ کو ضلع پشاور کا چیئرمین، عبدالخالق خلیل، ذوالفقار اور منیب الرحمان کو متفقہ طور پر منتخب کیا۔ اجلاس کے دوران وفاقی حکومت سے مطالبہ کیا گیا کہ وہ صوبائی حکومت کے فنڈز فوری طور پر جاری کرے تاکہ صوبے میں ترقیاتی منصوبے بروقت مکمل ہو سکیں۔ اس موقع پر صوبائی چیئرمین اگیگا خیبر پختونخوا پروفیسر عبدالحمید آفریدی نے وفاقی حکومت پر زور دیا کہ وہ صوبے کے آئینی حقوق ادا کرے، بصورت دیگر سرکاری ملازمین صوبائی (بقیہ صفحہ 3 نمبر 43)

تھانہ جات کو سیکورٹی فول پروف انتظامات یقینی بنانے کی ہدایت

یہ ہدایات ڈی پی او ہری پور کی جانب سے تمام ایس ڈی پی اوز اور ایس ایچ اوز کو دی گئیں

ہری پور (بیورو رپورٹ) ڈی پی او ہری پور نے تمام ایس ڈی پی اوز اور ایس ایچ اوز کو ہدایت کی ہے کہ وہ اپنے اپنے سرکلز اور تھانہ جات کی حدود میں سیکورٹی کے فول پروف انتظامات کو یقینی بنائیں اور حساس مقامات پر موثر پولیس ڈیپلائمنٹ کریں۔ ہدایت میں کہا گیا ہے کہ خصوصا ان عناصر کے خلاف کارروائیاں تیز کی جائیں جو ون ویلنگ، پھٹے سلنسر، تیز رفتاری اور بغیر لائسنس موٹر سائیکل چلانے سمیت ٹریفک قوانین کی خلاف ورزیوں میں ملوث ہیں۔ ڈی پی او ہری پور نے غازی، خانپور ڈیم اور نہروں میں نہانے والوں کے خلاف بھی بھرپور کریک ڈان کی ہدایت جاری (بقیہ صفحہ 3 نمبر 44)

آپریشن بنیان المرصوص کو ایک سال مکمل ہونے پر مختلف تقریبات

ضلع ہری پور میں مسلم لیگ (ن) اور سول سوسائٹی کی جانب سے ریلیوں کا انعقاد کیا گیا

ہری پور (بیورو رپورٹ) آپریشن بنیان المرصوص کو ایک سال مکمل ہونے پر ضلع ہری پور میں مسلم لیگ (ن) اور سول سوسائٹی کی جانب سے پاک فوج کے حق میں مختلف تقریبات، ریلیوں اور مظاہروں کا انعقاد کیا گیا۔ تقریبات میں سیاسی و سماجی شخصیات، تاجروں، وکلا، نوجوانوں اور شہریوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ شرکا نے پاک فوج کے حق میں نعرے بازی کرتے ہوئے ملکی سلامتی، استحکام اور دفاع وطن کے لیے افواج پاکستان کی قربانیوں کو خراج تحسین پیش کیا۔ مقررین نے (بقیہ صفحہ 3 نمبر 45)

مختلف ادویات کی قیمتوں میں 100 فیصد تک اضافہ کیا گیا

پھلڑہ (نمائندہ شمال) ادویات کی قیمتوں میں ریکارڈ اضافہ، سینیٹ اجلاس میں ہوشربا انکشاف سینیٹ کی قائمہ کمیٹی برائے صحت کے اجلاس میں انکشاف ہوا ہیکہ گزشتہ دو سال کے دوران مختلف ادویات کی قیمتوں میں 100 فیصد تک اضافہ کیا گیا ہے۔ سینیٹ کی قائمہ کمیٹی برائے صحت کا اجلاس ہوا جس میں کمیٹی ارکان کی جانب سے ملک میں دواؤں کی قیمتوں میں (بقیہ صفحہ 3 نمبر 46)

مانسہرہ ڈویژنل ڈپٹی جنرل سیکرٹری پاکستان مسلم لیگ ن نیاز محمد نیاز آپریشن بنیان المرصوص کے ایک سال مکمل پر ہونے پر افواج پاکستان کو خراج تحسین پیش کر رہے ہیں

اولاد کی تربیت ازحد ضروری ہے، مفتی سید ابرار حسین شاہ

والدین اپنے بچوں کی درست سمت میں رہنمائی کریں، جمعہ کے اجتماع سے خطاب

حویلیاں (نمائندہ خصوصی) مفتی سید ابرار حسین شاہ گیلانی نے کہا کہ اولاد کی تربیت ازحد ضروری ہے۔ جامع مسجد قادریہ غوثیہ لیاں شریف میں جمعہ کے عوامی اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ انسان پر ماحول اور معاشرے کا گہرا اثر ہوتا ہے جو اس کی اچھی یا بری صورت میں انسان کی شخصیت پر اثر انداز ہوتا ہے، والدین پر یہ بھاری زمہ داری عائد ہوتی ہے کہ وہ بچوں کی درست سمت راہنمائی کریں، انہیں نیک لوگوں اور علما کی محافل میں شرکت کرنے کی ترغیب دیں اور ایسے دوستوں اور محافل سے دور رکھیں جن سے انکی شخصیت پر برے اثرات پڑنے کا اندیشہ ہو، مفتی سید ابرار حسین شاہ گیلانی نے مزید کہا کہ نیکی کا کام کرنا اور نیک لوگوں کے ساتھ وقت گزارنے سے دل کے اندر تقوی اور نیکی کرنے کا جذبہ پیدا ہوتا ہے اور یہی کامیابی کا راستہ ہے۔ اس موقع پر عوام الناس کی بڑی تعداد موجود تھی، آخر میں مفتی سید ابرار حسین شاہ گیلانی (بقیہ صفحہ 3 نمبر 58)

جمعیت علما اسلام (نظریاتی) کے ضلعی دفتر میں دعائیہ تقریب

ہریپور (نمائندہ شمال) جمعیت علما اسلام (نظریاتی) کے ضلعی دفتر میں شیخ الحدیث مولانا شیخ ادریس شہید رح کے درجات بلندی کے موقع پر خطیب ہزارہ مجاہد ختم نبوت مرکزی رہنما جمعیت علما اسلام (نظریاتی) حضرت مولانا قاضی گل رحمان نکیال حفظ اللہ معروف کاروباری و روحانی شخصیت مولانا زاکر خان الحسینی۔ معروف سوشل ورکر صاحبزادہ قاضی ریاض الرحمان نکیال (بقیہ صفحہ 3 نمبر 54)

اوگی۔ شیخ الحدیث مولانا محمد ادریس کی شہادت کے خلاف اوگی میں مظاہرہ کیا جارہا ہے

مائن اونر ایسوسی ایشن ضلع ایبٹ آباد کی کابینہ کا اعلان

غفور خان صدر، خرم خان سینئر نائب صدر ملک وقاص نائب صدر، اسد جاوید جنرل سیکریٹری منتخب

ایبٹ آباد (نمائندہ خصوصی) مائن اونر ایسوسی ایشن ضلع ایبٹ آباد کی کابینہ کا اعلان حاجی غفور خان صدر، خرم خان سینئر نائب صدر ملک وقاص تنولی نائب صدر اور اسد جاوید خان جنرل سیکریٹری منتخب، مائن اونر ایسوسی ایشن کا اہم اجلاس ڈویژنل صدر قاضی صدیق جان کی سربراہی میں منعقد ہوا جس میں فرنٹیئر مائن اونر ایسوسی ایشن کے صوبائی صدر عزیز خان تنولی نے خصوصی طور پر شرکت کی۔ اجلاس میں نو منتخب کابینہ (بقیہ صفحہ 3 نمبر 57)

پھلڑہ شہزاد رشید خان نے اظہار خیال کر رہے ہیں

افواج پاکستان نے قربانیوں کی لازوال داستان رقم کی ہے

پوری پاکستانی قوم اپنی بہادر افواج کے شانہ بشانہ کھڑی ہے، نیاز محمد نیازی

مانسہرہ (ڈسٹرکٹ نامہ نگار + تحصیل جنرل رپورٹر) ڈپٹی جنرل سیکرٹری پاکستان مسلم لیگ (ن) ہزارہ ڈویژن نیاز محمد نیازی نے آپریشن بنیان المرصوص و معرکہ حق کے ایک سال مکمل ہونے پر افواج پاکستان، کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ آپریشن بنیان المرصوص ملک میں امن، استحکام اور دہشت گردی کے خاتمے کے لیے ایک اہم اقدام ثابت ہوا۔ پاک افواج نے بہادری، پیشہ وارانہ مہارت اور قربانیوں کی لازوال داستان رقم کرتے ہوئے دشمن کے ناپاک عزائم کو خاک میں ملا دیا انہوں نے کہا کہ پوری قوم اپنی بہادر افواج کے شانہ بشانہ کھڑی ہے اور وطن عزیز کے دفاع کے لیے کسی بھی قربانی سے دریغ نہیں کرے گی۔ پاکستان کے عوام نے ہمیشہ ثابت کیا ہے کہ وہ مشکل کی ہر گھڑی میں متحد ہو کر ملک دشمن عناصر کا مقابلہ کرتے ہیں۔ نیاز محمد نیازی نے شہدائے وطن کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا کہ شہدا کی قربانیاں قوم کا (بقیہ صفحہ 3 نمبر 55)

ایبٹ آباد تربیتی ورکشاپ کے انعقاد کے بعد شرکاء کا ممتاز معالج ڈاکٹر قاضی عدنان بشیر کے ہمراہ گروپ فوٹو

جی ایچ ایس ایس نمبرون ہریپور داخلہ مہم میں نمایاں کردار ہے

اس حوالے سے وائس پرنسپل فواد احمد نے نمایاں کارگردگی دکھائی ہے، اکبر ایوب

ہریپور (گل جان خان سے) پارلیمانی لیڈر اکبر ایوب خان نے کہا گورنمنٹ ہائر سیکنڈری سکول نمبر 1 ہریپور کا یہ اعزاز رہا ہے کہ جب بھی حکومت کی جانب سے داخلہ مہم کا ٹاسک دیا گیا تو نمبرون سکول کے وائس پرنسپل فواد احمد نے پرائمری (بقیہ صفحہ 3 نمبر 56)

پاکستان انجینئرنگ کونسل کے ہیڈکوارٹرز میں ایک دعائیہ تقریب منعقد کی گئی